وزیر اعظم شہباز شریف نے گزشتہ روز واشنگٹن میں بورڈ آف پیس سے خطاب کرتے ہوئے آزاد و خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام کو [illegible] قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق فلسطینیوں کو ان کا حق دیا جائے۔ [illegible] واشنگٹن میں منعقدہ غزہ بورڈ آف پیس کے [illegible] اجلاس سے وزیر اعظم شہباز شریف کی شرکت اور خطاب [illegible] پاکستان کی خارجہ پالیسی [illegible] ایک واضح اور اصولی موقف [illegible] ساتھ کھڑا ہے کہ ایک آزاد اور خودمختار فلسطینی ریاست کا قیام ہی مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن کی بنیاد بن سکتا ہے۔ [illegible] اقوام متحدہ کی قراردادوں [illegible] اور انسانی انصاف کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہے۔ یہ محض سفارتی بیان نہیں بلکہ ایک ایسی تاریخی سچائی کا اظہار ہے جسے نظر انداز کر کے دنیا کبھی بھی مستقل امن حاصل نہیں کر سکتی۔ فلسطینی عوام [illegible] محرومی ایک انسانی المیہ ہے۔ غزہ [illegible] معصوم جانوں کا ضیاع، بنیادی ڈھانچے کی بربادی اور [illegible] اس بات کا ثبوت ہے کہ طاقت کے ذریعے امن مسلط نہیں کیا جاسکتا۔ وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں اس حقیقت کو نہایت وضاحت سے بیان کیا کہ سیز فائر کی خلاف ورزیوں کا خاتمہ اور فوری جنگ بندی ناگزیر ہے، کیونکہ امن کی پہلی شرط خونریزی کا رکنا ہے۔ ان کا یہ مطالبہ محض سیاسی ضرورت نہیں بلکہ انسانی ہمدردی اور عالمی ذمہ داری کا تقاضا ہے۔ پاکستان کا موقف ہمیشہ سے واضح اور مستقل رہا ہے۔ ہم فلسطینی عوام کے حق خودارادیت کے حامی ہیں اور القدس الشریف کو دارالحکومت تسلیم کرتے ہوئے ایک آزاد فلسطینی ریاست کے قیام کو ہی مسئلے کا واحد منصفانہ حل سمجھتے ہیں۔ وزیر اعظم نے اسی دیرینہ پالیسی کو عالمی فورم پر نہایت وقار کے ساتھ دہرایا۔ انہوں نے دنیا کو یہ باور کرایا کہ جب تک انصاف فراہم نہیں کیا جائے گا، امن کا خواب ادھورا رہے گا۔ امن صرف جنگ بندی کا نام نہیں بلکہ سیاسی، جغرافیائی اور انسانی حقوق کی مکمل بحالی کا نام ہے۔ اجلاس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی موجودگی اور ان کا امن کے لیے تعاون کا اظہار بھی ایک اہم پیش رفت ہے۔ وزیر اعظم نے صدر ٹرمپ کے کردار کو سراہتے ہوئے انہیں امن کا علمبردار قرار دیا اور یہ نشاندہی کی کہ عالمی تنازعات کے حل کے لیے بڑی طاقتوں کا سنجیدہ کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ سفارتی آداب کے دائرے میں رہتے ہوئے ان کی تعریف دراصل اس امر کی طرف اشارہ تھی کہ اگر عالمی قیادت مخلصانہ نیت سے آگے بڑھے تو ناممکن دکھائی دینے والے تنازعات بھی حل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان کی قیادت نے ہمیشہ تصادم کے بجائے مکالمے کو ترجیح دی ہے، اور یہی سوچ اس خطاب میں جھلکتی نظر آئی۔ یہ امر خوش آئند ہے کہ اجلاس میں شریک دیگر مسلم اور غیر مسلم ممالک کے نمائندوں نے بھی مسئلہ فلسطین کے منصفانہ حل کی حمایت کی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ عالمی برادری اب اس حقیقت کو تسلیم کر رہی ہے کہ خطے میں استحکام کا راستہ طاقت کے استعمال سے نہیں بلکہ سیاسی مفاہمت اور انصاف سے ہو کر گزرتا ہے۔ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور ترکیہ سمیت مختلف ممالک نے تعمیر نو اور ترقی کے عزم کا اظہار کیا، جو اس بات کی علامت ہے کہ غزہ کی بحالی کو محض ہمدردی نہیں بلکہ عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم نے اپنے خطاب میں نہایت حکمت کے ساتھ عالمی امن کے وسیع تر تناظر کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ اگر مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن قائم ہو جاتا ہے تو اس کے مثبت اثرات پوری دنیا پر مرتب ہوں گے۔ توانائی کی منڈیوں میں استحکام آئے گا، عالمی تجارت کو فروغ ملے گا، مہاجرین کے بحران میں کمی آئے گی اور انتہا پسندی کے رجحانات کم ہوں گے۔ اس طرح فلسطین کا منصفانہ حل نہ صرف ایک خطے بلکہ پوری عالمی برادری کے مفاد میں ہے۔ پاکستان کی شرکت کو سفارتی کامیابی کے طور پر بھی دیکھا جانا چاہیے۔ یہ اس بات کا اعتراف ہے کہ پاکستان عالمی امن کے لیے ایک سنجیدہ اور ذمہ دار شراکت دار ہے۔ وزیر اعظم کی دیگر عالمی رہنماؤں سے ملاقاتیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ پاکستان کی آواز سنی جا رہی ہے اور اس کی رائے کو اہمیت دی جا رہی ہے۔ ایسے مواقع پر متوازن اور مدلل موقف پیش کرنا ہی سفارت کاری کی اصل کامیابی ہے، اور اس امتحان میں پاکستان سرخرو ہوا ہے۔ غزہ کی تعمیر نو کے لیے اربوں ڈالر کی امداد کا اعلان یقیناً ایک مثبت قدم ہے، مگر اصل چیلنج اس امداد کے شفاف اور مؤثر استعمال کا ہے۔ وزیر اعظم کا زور اس بات پر تھا کہ تعمیر نو کے ساتھ ساتھ سیاسی حل بھی یقینی بنایا جائے۔ اگر بنیادی مسئلہ حل نہ ہوا تو تعمیر نو کے منصوبے عارضی ثابت ہوں گے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ عالمی برادری محض مالی امداد تک محدود نہ رہے بلکہ ایک واضح اور قابل عمل سیاسی روڈ میپ بھی ترتیب دے۔ مسئلہ فلسطین عالمی ضمیر کو مسلسل جھنجھوڑ رہا ہے۔ مختلف آرا اور اختلافات جمہوری معاشروں کا حصہ ہوتے ہیں، لیکن ان سب کے درمیان امن کی خواہش مشترک ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا خطاب اسی خواہش کی ترجمانی کرتا ہے۔ انہوں نے نفرت یا اشتعال انگیزی کے بجائے مفاہمت، مکالمے اور انصاف کا راستہ اپنانے کی بات کی۔ یہی طرز فکر آج کی دنیا کی سب سے بڑی ضرورت ہے۔ پاکستان خود دہشت گردی اور عدم استحکام کا سامنا کر چکا ہے۔ ہم نے بے شمار قربانیاں دے کر امن کی قدر کو سمجھا ہے۔ اسی تجربے کی روشنی میں ہماری قیادت عالمی تنازعات کے حل کے لیے مخلصانہ کردار ادا کرنا چاہتی ہے۔ اگر عالمی قیادت سنجیدگی سے آگے بڑھے تو نہ صرف فلسطین بلکہ دیگر خطوں میں بھی امن کے دروازے کھل سکتے ہیں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری کی حمایت کی ہے اگر عالمی نظام کو معتبر اور مؤثر بنانا ہے تو اس کے فیصلوں اور اصولوں پر یکساں عمل درآمد یقینی بنانا ہوگا۔ آج جب دنیا مختلف تنازعات اور بحرانوں کا شکار ہے عالمی امن کے لئے مشترکہ کوششیں ہی قیام امن کی کنجی ہے۔ مسئلہ فلسطین کا منصفانہ حل ہی مشرق وسطیٰ اور دنیا بھر میں استحکام کی ضمانت ہے۔ اگر عالمی برادری سنجیدگی اور خلوص نیت سے آگے بڑھے، اگر اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد یقینی بنایا جائے، اور اگر فلسطینی عوام کو ان کا جائز حق دیا جائے تو امن کا خواب حقیقت بن سکتا ہے۔

غزہ امن بورڈ کا افتتاحی اجلاس اور ہمارا مخمصہ

برملا — نصرت جاوید



خواہ مخواہ کی بحث میں الجھنے کے بجائے مان لیتے ہیں کہ دنیا کے بیشتر ممالک کی طرح پاکستان کا روایتی میڈیا بھی سب اچھا بتانے اور دکھانے کا عادی ہو چکا ہے۔ سوشل میڈیا پر چھائے حق گو صحافیوں کو شکر کیا ہوا ہے؟ ان میں سے ایک ''ذہن ساز'' بھی مجھ جیسے عام پاکستانی کو یہ سمجھانے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کر رہا کہ جمعرات 19 فروری 2026ء کا دن وطن عزیز کے لئے ہی نہیں بلکہ ہمارے خطے خصوصاً مشرق وسطیٰ کے لئے بھی ایک تاریخ ساز دن شمار ہو سکتا ہے۔ امریکہ کے دارالحکومت واشنگٹن میں اس دن صدر ٹرمپ کے تجویز کردہ ''بورڈ آف پیس'' کا افتتاحی اجلاس منعقد ہونا ہے۔ نظر بظاہر مذکورہ بورڈ کے قیام کا مقصد غزہ میں جنگ بندی کو یقینی اور دیرپا بنانے کے بعد بھاری بھرکم سرمایہ کاری کے ذریعے گزشتہ تین برسوں سے وحشیانہ اسرائیلی بمباری کی زد میں آئی سمندر سے متصل پٹی کو جدید اور خوشحال بستی میں تبدیل کرنا ہے۔ اسرائیل وہاں سے اپنی فوجیں نکالنے کو آمادہ ہے۔ اس سے قبل مگر بضد ہے کہ نام نہاد عالمی برادری کی نگرانی میں حماس کے متحرک کارکن ہتھیار پھینک کر ''نیک چال چلن'' کا وعدہ کریں۔ حماس کے غیر مسلح ہو جانے کے بعد غزہ کی پٹی میں اسلامی ممالک سے بھیجے فوجی دستے امن وامان یقینی بنائیں گے۔ معمولات زندگی بحال کرنے کی ذمہ داری فلسطینی ٹیکنوکریٹس پر مشتمل ایک ٹیم کو سونپی جائے گی جو بتدریج پولیس سمیت ریاستی تنظیم کے دیگر ادارے بھی تشکیل دے گی۔

''بورڈ آف پیس'' نے غزہ کے حوالے سے جو اہداف چنے ہیں ''نیک نیتی'' کا مظہر ہیں۔ انگریزی کا ایک محاورہ مگر متنبہ کرتا ہے کہ جہنم کے تمام راستے ''نیک نیتی'' ہی تلاش کرتی ہے۔ دوسری جنگ عظیم کے بعد دنیا کے کسی بھی خطے میں امن وامان یقینی بنانے کے لئے اقوام متحدہ کا قیام عمل میں لایا گیا تھا۔ اس بین الاقوامی ادارے کی سلامتی کونسل کے پانچ مستقل رکن ہیں جنہیں ویٹو کا اختیار بھی حاصل ہے۔ ان ممالک کی بالادستی کے سبب کشمیر سمیت کئی اہم قضیے ابھی تک حل نہیں ہو پائے ہیں۔ اس کے باوجود دنیا کے کئی خطوں اور ممالک میں اقوام متحدہ ہی نے جنگ بندی کے لئے کلیدی کردار ادا کیا۔ جنگ بندی کے بعد دائمی امن یقینی بنانے کے لئے بھی اقوام متحدہ ہی کے پرچم تلے دنیا کے مختلف ممالک کے بھیجے فوجی دستے متحرک رہے ہیں۔

فرانس سمیت دنیا کے کئی ممالک کو خدشہ لاحق ہے کہ غزہ میں قیام امن یقینی اور مستقل بنانے کے نام پر امریکی صدر کا تشکیل دیا ''بورڈ آف پیس'' درحقیقت اقوام متحدہ کے متوازی ادارے کی حیثیت اختیار کرنے کی ''پرکار'' کوشش ہے۔ غزہ میں ''گھس جانے کے بعد'' بورڈ آف پیس دنیا کے دیگر خطوں میں شروع ہوئی جنگوں کو رکوانے کے لئے بھی اقوام متحدہ کو نظر انداز کرتے ہوئے حتمی کردار ادا کر سکتا ہے۔

امریکہ کی براہ راست نگرانی میں تشکیل دئے ''بورڈ آف پیس'' کو ''نیک نیتی'' کے جواز کے ساتھ ''ہاتھی کے پاؤں میں سب کے پاؤں'' والی حقیقت کے تناظر میں دنیا کے بیشتر ممالک کڑوی گولی کی صورت قبول کر سکتے تھے۔ ''بورڈ آف پیس'' مگر امریکی پارلیمان کے بنائے کسی قانون کے تحت تشکیل نہیں دیا جا رہا۔ ٹرمپ نے بطور صدر اپنے اختیارات استعمال کرتے ہوئے اسے ''ایجاد'' کیا ہے۔ سوال اٹھتا ہے کہ اس کی معیاد صدارت گزر جانے کے بعد اس ادارے کا مستقبل کیا ہوگا؟ ٹرمپ اس سوال کا جواب فراہم کرنے کو رضا مند نہیں۔ مصر ہے کہ اس کی نیک نیتی پر اعتماد کرتے ہوئے اس بورڈ میں شمولیت اختیار کر لی جائے تاکہ غزہ میں جنگ بندی کو مستقل بنانے کے بعد وہاں روزمرہ زندگی کی بحالی کا عمل شروع کیا جا سکے۔ تقریباً 60 ممالک کو اس نے جمعرات کے دن منعقد ہونے والے اجلاس میں شرکت کیلئے بلایا۔ اکثریت نے مذکورہ بالا تحفظات کی روشنی میں معذرت کر لی۔ پاکستان مگر اس اجلاس میں شریک ہو رہا ہے۔ ہماری نمائندگی بھی وزیر اعظم کی ذاتی موجودگی کی صورت ہو رہی ہے۔

گفتار کے بے شمار غازی پاکستان کی بورڈ آف پیس کی افتتاحی تقریب میں شرکت کے بارے میں تند و تیز سوالات اٹھا رہے ہیں۔ انہیں اٹھاتے ہوئے یہ حقیقت فراموش کی جا رہی ہے کہ گزشتہ برس کے مئی میں امریکی صدر ٹرمپ نے پاکستان اور بھارت کے مابین ممکنہ طور پر ایٹمی شوڈاؤن کی طرف بڑھتی جنگ کو رکوایا تھا۔ جنگ بندی کے بعد وہ دنیا کو مسلسل یہ تاثر دیتا رہا کہ مئی 2025ء کی جنگ کے دوران پاکستان نے بھارت کے مقابلے میں فضائی برتری حاصل کر لی تھی۔ ہماری تحسین کے علاوہ بھارت کے روس سے تیل خریدنے سے ناراض ہو کر اس نے امریکہ آنے والی بھارتی مصنوعات پر تعزیری ٹیکس بھی لاگو کر دئے۔ اس کے تجویز کردہ ''بورڈ آف پیس'' میں شمولیت سے انکار مندرجہ بالا تناظر میں پاکستان کو ٹرمپ کی دانست میں ایک ناقابل اعتبار دوست بنا کر پیش کر سکتا تھا۔ ٹرمپ کے علاوہ عرب اور خصوصاً خلیجی ممالک میں ہمارے سعودی عرب جیسے برادر ملک بھی ہیں۔ ان کی فراہم کردہ رقوم کی بدولت ہمارے زرمبادلہ کے ذخائر پاکستان کو ''دیوالیہ'' دکھانے سے محفوظ رکھے ہوئے ہیں۔ ان ممالک کی اکثریت چاہتی ہے کہ پاکستان غزہ میں امن وخوشحالی کی بحالی یقینی بنانے کے لئے ٹرمپ کے بورڈ آف پیس میں شمولیت کے لئے اہم کردار ادا کرے۔ برادر ممالک کی خواہشات کو ہم معاشی مجبوریوں کی وجہ سے نظر انداز نہیں کر سکتے۔ ان ممالک کی مدد اور خاموش سفارت کاری کے نتیجے ہی میں اسرائیل کا وزیر اعظم نیتن یاہو بورڈ آف پیس کے افتتاحی اجلاس میں شریک نہیں ہوگا۔ اس کی عدم موجودگی پاکستان، سعودی عرب اور قطر جیسے ممالک کی اس سوچ کا احترام ہے جو فلسطینی ریاست کے قیام کے بغیر اسرائیل کو جائز ریاست تسلیم نہیں کرتی۔ اپنے برادر ممالک کے ساتھ مل کر ہی ہم ٹرمپ کو سمجھا سکتے ہیں کہ غزہ میں پاکستانی فوج کے دستے قیام امن یقینی بنانے کے لئے فراہم کئے جا سکتے ہیں۔ حماس کو غیر مسلح کرنے کا فریضہ مگر ان کے سپرد کرنا ممکن نہیں کیونکہ پاکستان قیام اسرائیل کے پہلے روز ہی سے اسے ایک ناجائز ریاست ٹھہراتا ہے۔ تنے ہوئے رسے پر چلتے ہوئے پاکستان کو ماہرانہ سفارت کاری کے ذریعے ''سانپ بھی مر جائے اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹے'' والی حکمت عملی دریافت کرنا ہوگی۔ اس کے علاوہ بورڈ آف پیس کے بارے میں فقط جذباتی تقریروں کے ذریعے لوگوں کو گمراہ ہی کیا جا سکتا ہے۔

عمران خان کی رہی سہی سیاسی حیثیت کو دفن کرنے کی کوشش

تاثرات — سید مجاہد علی

خیبر پختونخوا کے وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی طرف سے 'عمران خان رہائی فورس' بنانے کا اعلان، درحقیقت تحریک انصاف میں قیادت کے فقدان اور درست حکمت عملی میں ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اگرچہ انہوں نے کہا ہے کہ یہ فورس 'حقیقی آزادی' کے لیے پرامن جدوجہد کرے گی لیکن اس بارے میں بیان دیتے ہوئے جو لب ولہجہ اور الفاظ استعمال کیے گئے ہیں، انہیں تصادم کی دعوت کے سوا کوئی دوسرا نام دینا مشکل ہے۔ اول تو ملک اس وقت کسی بھی قسم کے تصادم کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ ایک اہم صوبے کے وزیر اعلیٰ کے طور پر سہیل آفریدی کو بخوبی اس کا احساس ہونا چاہیے۔ اس معاملہ پر بات ہو سکتی ہے کہ عمران خان کے ساتھ کس حد تک زیادتی ہو رہی ہے یا ان کے خلاف قائم مقدمات ناجائز ہیں یا ان میں کوئی حقیقت بھی پائی جاتی ہے۔ لیکن یہ سب کچھ اس ملک کی سیاست کا حصہ ہے۔ غلط ہوتے کے باوجود اس طریقے کو ہمیشہ اختیار کیا گیا ہے حتیٰ کہ حقیقی آزادی، تبدیلی اور پاکستان کو جنت نظیر بنا دینے کے دعویدار عمران خان بھی اپنے پورے دور اقتدار 'کسی کو نہیں چھوڑوں گا' کا نعرہ لگاتے اور یہ تدبیریں کرتے گزار گئے کہ کیسے سیاسی مخالف لیڈروں کی زندگی اجیرن بنائی جائے۔ غیر جانبدار مبصرین عمران خان کی قید کو ناجائز کہتے ہیں لیکن اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہو سکتا کہ ایک غلط کو درست کرنے کے لیے کسی بھی پارٹی یا افراد کو کچھ ایسا کرنے کی اجازت دے دی جائے جو براہ راست ریاست کے وجود کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔

اس معاملہ کا دوسرا پہلو پاکستان تحریک انصاف کی اندرونی سیاست اور اس میں موجود دھڑوں سے متعلق ہے۔ سہیل آفریدی نہ تو عمران خان کے ترجمان ہیں اور نہ تحریک انصاف کے واحد نمائندے ہیں بلکہ وہ محض اس زعم میں مبتلا ہیں کہ انہیں عمران خان نے نامزد کر کے وزیر اعلیٰ بنوایا تھا۔ اس لیے وہ اب اپنی وفاداری ثابت کرنے کے لیے افسوسناک انتہا پسندی کا طرز عمل اختیار کر رہے ہیں۔ تحریک انصاف کی یہی کمزوری درحقیقت اس کے پاؤں کی زنجیر بن چکی ہے۔ جو معاملات سیاسی بات چیت کے ذریعے خوش اسلوبی سے حل کیے جا سکتے تھے، انہیں دھمکی آمیز بیانات دے کر اور تصادم کا راستہ اختیار کر کے مسدود کیا جاتا رہا ہے۔ اس کا تازہ ترین ثبوت عمران خان کی آنکھوں کی بیماری کے سلسلہ میں دیکھا گیا۔ عمران خان کی بینائی کے بارے میں گمراہ کن بیانیہ بنا کر حکومت کو زیر کرنے اور اپنی شرائط پر علاج کرانے کی کوشش کی گئی۔ یہ کسی بیمار شخص سے ہمدردی کا طریقہ نہیں تھا بلکہ اس ہتھکنڈے سے سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی کوشش کی گئی تھی۔ محمود خان اچکزئی اور علامہ راجہ ناصر عباس کی طرح سہیل آفریدی بھی ان کوششوں میں ناکام ہوئے ہیں۔ حکومت نے اپنے طریقے کے مطابق میڈیکل معائنہ کرایا اور مناسب علاج فراہم کیا۔ یہ اطمینان بخش رپورٹ اب سپریم کورٹ کو روانہ کر دی گئی ہے۔ حالانکہ اگر سپریم کورٹ پر ہی بھروسہ کیا جاتا تو ہو سکتا ہے چیف جسٹس اس رپورٹ کی روشنی میں عمران خان کو ہسپتال داخل کرانے کا حکم دیتے۔ تاہم سہیل آفریدی جیسے لوگ سپریم کورٹ ہی کے باہر کھڑے ہو کر دعویٰ کر رہے ہیں کہ عدالتیں اپنے احکامات منوانے میں ناکام ہو چکی ہیں۔ اگر یہ ناکامی ہے تو تحریک انصاف ہی کے وکیل 'فرینڈ آف کورٹ' بن کر عمران خان سے ملنے کیوں گئے تھے؟ اپوزیشن کو کھسیانا ہو کر روڈ بلاکس اور پارلیمنٹ کا دھرنا ختم کرنا پڑا۔ کے پی ہاؤس کا دھرنا دو روز پہلے ختم کرایا جا چکا تھا۔ اب سہیل آفریدی ایسی فورس بنانے کا اعلان کر رہے ہیں جس کے ارکان بھرتی ہوں گے، ان سے باقاعدہ حلف لیا جائے گا اور وہ ایک چین آف کمانڈ کے تحت 'لڑائی' کریں گے۔ لیکن سہیل آفریدی کا دعویٰ ہے کہ یہ لڑائی پرامن ہوگی۔ انہیں جاننا چاہیے کہ پرامن جدوجہد ہوتی ہے، امن کے لیے لڑائی نہیں لڑی جاتی۔ سیاسی کارکن رضاکارانہ طور پر ایک خاص سیاسی مقصد کے لیے احتجاج کرتے ہیں اور مطالبے سامنے لاتے ہیں۔ وہ دھمکیاں نہیں دیتے اور سہیل آفریدی کے الفاظ میں یہ اعلان نہیں کرتے کہ 'ہم لڑائی لڑیں گے اور بھرپور تیاری سے لڑیں گے۔ یہ لڑائی حقیقی آزادی کے لیے لڑیں گے'۔ 'عمران خان رہائی فورس' قائم کرنے کا اعلان درحقیقت یہ اعتراف ہے کہ تحریک انصاف پارٹی کے طور پر اپنا کوئی تشخص یا وجود نہیں رکھتی۔ چند افراد اور عناصر عمران خان کا نام لے کر زہر اگلتے ہیں اور اپنا اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تحریک انصاف 9 مئی 2023 کو اس قسم کا ریاست دشمن راستہ اختیار کر کے دیکھ چکی ہے۔ اسے کوئی کامیابی نہیں ملی اور پارٹی کا سیاسی راستہ بھی دشوار ہو گیا۔ اس کے باوجود اس سانحہ سے سبق سیکھنے اور سیاسی جدوجہد کا راستہ اختیار کرنے کی بجائے، اب ایک صوبے کا وزیر اعلیٰ ایک ایسی فورس قائم کرنے پر مصر ہے جو جتھوں کی صورت میں اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کرے گی۔ سہیل آفریدی نے اگرچہ کہا ہے کہ اس کا 'کمانڈر' عمران خان نامزد کریں گے لیکن دریں حالات یہ قیاس کیا جا سکتا ہے کہ سہیل آفریدی خود اس فورس کی سربراہی کے امیدوار ہوں گے۔ رکن سازی اور حلف برداری کے بعد یہ فورس کیا کرے گی؟

جہد مسلسل... ایک ناتمام داستان

خورشید ندیم

جرم و سزا کی کہانیاں 'داستان نگاری' (Fiction) میں سب سے مقبول ہیں۔ اردو ادب میں یہ روایت زیادہ مستحکم نہیں۔ سب رنگ، سسپنس، جاسوسی ڈائجسٹ جیسے رسائل اگر مقبول ہوئے تو اس کا بڑا سبب یہی خلا تھا۔ ان کہانیوں کا سماجی پس منظر غیر مقامی تھا۔ ابن صفی نے اردو میں ایک نئی طرح ڈالی اور اسے مقامی رنگ دیا۔ ان کی مقبولیت کا راز بھی شاید یہی تھا کہ ان کے کردار مقامی تھے اور قاری کے لیے کہانی کا پلاٹ کسی طور اجنبی نہیں تھا۔ ایک دور تھا جب ماہنامہ حکایت میں احمد یار خان کی کہانیاں شائع ہوتی تھیں۔ یہ ریٹائرڈ پولیس انسپکٹر کی داستان تھی جس نے متحدہ برصغیر کے معاشرتی تناظر میں جرم و سزا کے واقعات کو لکھا۔ ان کہانیوں کو غیر معمولی شہرت ملی۔ کہا جاتا تھا کہ لوگ اسی کہانی کی وجہ سے 'حکایت' پڑھتے ہیں۔ بعد میں یہ کہانیاں کتابی صورت اور کئی جلدوں میں شائع ہوئیں۔

یہ کہانیاں مجھے برادرم ذوالفقار چیمہ صاحب کی خود نوشت 'جہد مسلسل' پڑھتے ہوئے یاد آئیں۔ پولیس افسر کے طور پر ان کی شہرت سے سب واقف ہیں۔ وہ صرف پولیس افسر نہیں تھے۔ وہ ایک دانشور بھی ہیں جنہیں ایک طرف علامہ اقبال کے فکر و فلسفے سے محبت ہے اور دوسری طرف اقتدار کی سیاست سے بھی دلچسپی ہے۔ اس پہ مستزاد ادب اور فنون سے ان کا لگاؤ ہے۔ ان سب باتوں نے ان کی آپ بیتی میں ان تمام لوازم کو جمع کر دیا ہے جو کسی کتاب کو قاری کے لیے باعث کشش بناتے ہیں۔ یہ زندہ انسان اور زندہ معاشرے کی زندہ کہانیاں ہیں۔

بلوچستان کے عوام کو محروم رکھنے کے جرم میں 'ریاست کو ہمیشہ مجرموں کے کٹہرے میں کھڑا کیا جاتا ہے۔ مجھے اس پر اعتراض نہیں کہ عوام کے جان ومال کا تحفظ بہر حال ریاست ہی کی ذمہ داری ہے۔ اس مقدمے میں مگر ایک کمزوری یہ ہے کہ دیگر مجرموں کو یکسر نظر انداز کیا جاتا ہے۔ ان میں ایک وہاں کا سرداری نظام ہے۔ سردار کا بیٹا قتل کر دے تو اس کے خلاف مقدمہ قائم نہیں ہو سکتا۔ ذوالفقار چیمہ صاحب نے اس طرف متوجہ کیا ہے۔ وہ چشم دید رپورٹ دیتے ہیں کہ کیسے ریاست کی طرف سے بنائی گئی کالج کی عمارت کو ایک مشہور سردار نے ذاتی گودام اور اپنے غلاموں کی رہائش گاہ بنا رکھا تھا۔ اس سردار کی حمایت میں ہمارا میڈیا رطب اللسان رہتا ہے مگر ان کی شخصیت کے اس پہلو کو بیان نہیں کرتا۔ چیمہ صاحب واقعات کی زبانی یہ بتاتے ہیں کہ بلوچستان کا مسئلہ کیسے لاینحل بنا اور کون کون سے کردار اس کے ذمہ دار ہیں۔

چیمہ صاحب اپنے دور ملازمت میں نواز شریف صاحب کے بہت قریب رہے۔ ان کی شخصیت کو سمجھنے کے لیے ذوالفقار چیمہ صاحب کی گواہی معتبر ہے۔ گزشتہ دنوں مریم نواز صاحبہ کے بیٹے کی شادی موضوع بحث رہی۔ اس میں ہونے والے اسراف نے حساس لوگوں کو مضطرب کیا اور انہوں نے اسے ناپسندیدگی کی نظر سے دیکھا۔ چیمہ صاحب نے بتایا کہ خود مریم صاحبہ کی شادی کتنی سادگی کے ساتھ ہوئی۔ تقریبات کو کیسے خاندان اور قریبی احباب تک محدود رکھا گیا۔ میں نواز شریف صاحب کے بارے میں جو رائے رکھتا ہوں، چیمہ صاحب کے مشاہدات اس کو تقویت پہنچاتے ہیں۔ اس سے معلوم کیا جا سکتا ہے کہ مجھ جیسے لوگ اگر نواز شریف صاحب کو معاصر اہل سیاست پر ترجیح دیتے ہیں تو اس کے اسباب کیا ہیں۔

چیمہ صاحب نے مشہور گلوکارہ نور جہاں صاحبہ کے گھر منعقد ہونے والی ایک تقریب کا چشم دید حال بھی لکھا ہے۔ مرحومہ کے فنی کمالات کے بارے میں دو آرا نہیں لیکن فلم کا کلچر جس اخلاقی پستی کا شکار ہے، یہ تقریب اس کا ایک افسوسناک منظر پیش کرتی ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ فنکار اگر اپنے اخلاقی وجود کے بارے میں حساس ہو تو فن کی قدر و منزلت میں اضافہ ہوتا ہے۔ بصورت دیگر خود فن کا وجود زیر بحث آ جاتا ہے۔ موسیقی کا تعلق سماعت کے ساتھ ہے مگر جب اسے بیہودہ مناظر اور شاعری سے آلودہ کیا گیا تو خود موسیقی کا وجود اخلاقی اعتبار سے مشتبہ ہو گیا۔ یہ واقعہ صرف فنون اور فنکاروں کا نہیں، ان پیشوں کا بھی ہے جنہیں سماج قابل عزت سمجھتا ہے۔

چیمہ صاحب نے لاہور کے ایک سرکاری خطیب کا دلچسپ حال بھی لکھا ہے۔ وزیر اعظم صاحب نے ان کا خطبہ سننا اور ان کے اقتدا میں نماز پڑھنا تھی۔ ان سے یہ فرمائش کی گئی کہ وہ وزیر اعظم صاحب کی موجودگی میں پولیس کی کارکردگی کو سراہیں۔ چیمہ صاحب ان دنوں لاہور پولیس کے سربراہ تھے۔ خطیب صاحب نے حسب روایت وعادت پولیس افسران کی ایسی تعریف کی کہ خود پولیس والے شرمندگی سے منہ چھپانے لگے۔ وزیر اعظم بھی جہاں دیدہ تھے۔ روانگی کے وقت چیمہ صاحب سے ہاتھ ملایا تو کہا: ''لگتا ہے مولانا کو آج کی تقریر آپ نے لکھ کر دی ہے''۔ انہوں نے یہ جملہ پنجابی میں کہا، جس کا تاثر اردو میں منتقل نہیں ہو سکتا۔ حبیب جالب صاحب کی بیٹی کے ساتھ وقت کے وزیر اعظم کا ایک مکالمہ بھی نقل کیا جب وہ جالب صاحب کی تعزیت کے لیے ان کے گھر گئے۔ مجھے محترمہ کے رویے پر افسوس ہوا اگرچہ چیمہ صاحب نے اس کا جواز پیش کیا ہے۔ ہماری روایت یہ ہے کہ گھر آیا مہمان بہر صورت احترام کا مستحق ہوتا ہے۔

اس کتاب سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ہمارے داخلی معاملات میں امریکی اثر ورسوخ کا کیا عالم ہے۔ لاہور کے ایک ڈی ایس پی کو امریکی ناظم الامور کی اشیر باد حاصل تھی۔ وہ اس کے زور پر من مانی کرتا تھا اور آئی جی پولیس جانتے ہوئے اس کے کاموں سے صرف نظر کرتے تھے کہ حکومت امریکی کی ناراضی کا خطرہ مول نہیں لے سکتی تھی۔ مجھے یہ پڑھ کر سخت حیرت ہوئی کہ امریکی مداخلت اس سطح تک بھی ہو سکتی ہے۔ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ ہم جیسے ترقی پذیر ملکوں کی خود مختاری کا کیا عالم ہے۔

میں نے اس کتاب کا تعارف کراتے کراتے آپ کو بہت سے باتیں بتا دیں لیکن ساری نہیں۔ یہ کتاب ایسے دلچسپ واقعات سے مملو ہے۔ اس پہ مستزاد چیمہ صاحب کا دلچسپ اسلوب نگارش۔ پر لطف جملے اور واقعات جو اس کے مطالعے کو ایک خوشگوار تجربہ بنا دیتے ہیں۔ کتاب کے مطالعے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایک پولیس افسر اگر چاہے تو مشکلات کے باوجود اپنا کام دیانت داری کے ساتھ کر سکتا ہے۔ اس کے ساتھ یہ اندازہ بھی ہوتا ہے کہ ریاستی نظام کیسے کام کرتا ہے۔ بعض اوقات حکمران عوام دوست کام کرنا چاہتے ہیں تو کیسے سسٹم کے تقاضے رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ امور جہان بانی اتنے سادہ نہیں ہوتے جتنے سمجھے جاتے ہیں۔

ذوالفقار چیمہ صاحب کے کالموں کے مجموعے اس سے پہلے شائع ہو چکے ہیں۔ ان میں بھی ان واقعات کی جھلک ہے جن کا تعلق اس سماج اور ریاست سے ہے۔ 'جہد مسلسل' مگر ایک الگ داستان ہے، جس کا کینوس وسیع ہے۔ یہ جرم و سزا اور اقتدار کے ایوانوں میں جنم لینے والی کئی کہانیوں کا مجموعہ ہے جو افسانوی ادب نہیں بلکہ اس کا تعلق ان واقعات سے ہے 'ہم جن کے جیتے جاگتے کردار ہیں۔' یہ 'مسلسل کہانی' ہے جسے ہم دہراتے جاتے ہیں مگر اس سے سبق حاصل نہیں کرتے۔ چیمہ صاحب کی یہ داستان ابھی ناتمام ہے۔ انہوں نے خوشخبری سنائی ہے کہ اس کا دوسرا حصہ بھی سامنے آنے والا ہے۔ اس کتاب نے اس کے لیے اشتیاق بڑھا دیا ہے۔

ہمارے ٹارگٹ، تخمینے اور موسم کا حال

اظہار خیال — خالد مسعود خان



اللہ جانے کس نے سردیوں کے شروع میں یہ افواہ پھیلا دی تھی کہ اس سال سردیاں لمبی بھی ہوں گی اور شدید بھی۔ ملتان کی حد تک تو میں کہہ سکتا ہوں کہ نہ شدید پڑیں اور موجودہ حالات دیکھ کر یہ بھی نہیں لگتا کہ سردیاں لمبی ہوں گی۔ فروری کا وسط ہے اور سردی دم آخر پر ہے۔ ہر سال ملتان میں کم از کم آٹھ دس دن شدید کڑاکے کی سردی پڑتی ہے اس بار وہ بھی نہیں پڑی۔ ہماری موسمیاتی پیش گوئیاں ویسی ہی ہوتی ہیں جیسی ریڈ انڈینز کے چروکی قبیلے کا سردار کر رہا تھا۔ سردیوں کا آغاز ہونے والا تھا۔ قبیلے کے لوگوں نے سوچا کہ ان کا بزرگ سردار عقلمند بھی ہے اور عمر کے حوالے سے بہت سے سال اور موسم دیکھ چکا ہے اسے یقیناً موسموں کا اندازہ ہوگا اور وہ یہ بتا سکے گا کہ اس سال سردی کیسی پڑے گی۔ وجہ صرف یہ تھی کہ قبیلے والے موسم کے مطابق جلانے کیلئے لکڑیاں اکٹھی کرنا چاہتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ موسم کا درست علم ہو جائے تو وہ اس کے مطابق کم یا زیادہ لکڑیاں سٹور کر لیں۔ وہ سردار کے پاس گئے اور اس سے پوچھا کہ اس کا کیا خیال ہے اس سال سردیاں کیسی ہوں گی؟ برفباری ہوگی یا نہیں؟ اگر ہوگی تو کتنی ہوگی اور سردی کا موسم مجموعی طور پر گزشتہ سال کی نسبت کیسا ہوگا؟ سردار نے سارے سوال سن کر آنے والے لوگوں سے کہا کہ اسے اس معاملے پر غور وفکر کرنے اور سوچنے کیلئے تھوڑا وقت دیں اور کہا کہ کل ان کو موسم کا مکمل حال بتا دے گا۔

سردار کو موسم کے تلون کا اور موسم کے بارے میں اپنی صلاحیتوں کا پورا ادراک تھا۔ اس نے یہ وقت محض اس لیے حاصل کیا تھا کہ اس دوران وہ محکمہ موسمیات سے معلومات لینا چاہتا تھا تاکہ اس کی روشنی میں وہ قبیلے والوں کو نہ صرف موسم کے متعلق رہنمائی کر سکے بلکہ اپنی سرداری کی لاج بھی رکھ سکے۔ اس نے محکمہ موسمیات والوں کو فون کیا اور سردی کی شدت، دورانیے اور برفباری کے امکانات بارے معلوم کیا۔ مقامی محکمہ موسمیات کے دفتر میں موجود نچلے درجے کے عملے سے اہلکار نے اس فون کو معمول کا فون سمجھا اور ٹرخاتے ہوئے کہہ دیا کہ اس بار سردی شدید ہوگی، دورانیہ لمبا ہوگا اور برفباری زیادہ ہوگی۔ سردار نے یہ ساری باتیں اگلے روز قبیلے والوں کو بتا دیں۔ قبیلے والوں نے ان معلومات کی روشنی میں لکڑیاں خریدنا شروع کر دیں۔ ہفتہ گزر گیا ہوگا کہ انہوں نے دوبارہ سردار سے رابطہ کیا اور پوچھا کہ سردی زیادہ ہوگی یا بہت زیادہ ہوگی؟ سردار کی جانے بلا! اس نے پھر اگلے روز بتانے کا وعدہ کیا اور پہلی بار کی طرح دوبارہ مقامی محکمہ موسمیات کے دفتر میں فون کر کے سردی کی شدت، برفباری کے امکانات اور سردی کے دورانیے بارے پوچھا کہ یہ سب کچھ صرف زیادہ ہوگا یا بہت زیادہ ہوگا۔ مقامی دفتر نے اسی فارغ سے اہلکار نے اس بار زیادہ یقین سے بتایا کہ سردی بہت زیادہ پڑے گی۔ سردار نے اپنے قبیلے کو بتایا کہ سردی زیادہ ہی نہیں بہت زیادہ پڑے گی۔ لوگوں نے مزید زور و شور سے لکڑیاں خرید کر اکٹھی کرنا شروع کر دیں۔ دس پندرہ روز مزید گزر گئے۔ لوگوں نے سوچا کہ آخری بار پھر سردار سے موسم کے بارے میں پوچھ لیں۔ انہوں نے سردار سے کہا کہ وہ لکڑیاں تو دھڑا دھڑ خرید رہے ہیں لیکن ایک بار مزید پوچھنے آئے ہیں کہ کیا سردی بہت زیادہ پڑے گی یا بہت ہی زیادہ پڑے گی؟ سردار نے حسب معمول اگلے روز بتانے کا وعدہ کیا اور اس بارے وہ خود محکمہ موسمیات کے دفتر گیا اور اسی اکلوتے نالائق قسم کے اہلکار سے پوچھا کہ سردی بہت زیادہ ہوگی یا بہت ہی زیادہ ہوگی۔ اس نے یہ بات دریافت کرتے ہوئے لفظ 'بہت ہی' پر بہت ہی زور دیا۔ اس اہلکار نے سردار کو بتایا کہ اس بار تو لگتا ہے ریکارڈ توڑ قسم کی سردی پڑے گی۔ سردار نے واپس آ کر قبیلے والوں کو اس ریکارڈ توڑ سردی کا بتایا تو قبیلے والوں نے مزید لکڑیاں خریدنا چاہیں مگر وہ پہلے ہی اتنی لکڑی خرید چکے تھے کہ اب مقامی منڈی میں لکڑی دستیاب نہ تھی۔ انہوں نے بھاگ دوڑ کر کے ادھر ادھر ساتھ والے علاقوں سے لکڑی خریدی اور سٹور کر لی۔ اب وہ موسم کی شدید ترین صورتحال کا مقابلہ کرنے کیلئے پوری طرح تیار تھے۔ اسی اثنا میں محکمہ موسمیات کا صوبائی سربراہ مختلف علاقوں سے ہوتا ہوا جب اس علاقے میں آیا تو اپنے دفتر کے دورے پر بھی آیا۔ لکڑی کے ایک چھوٹے سے کیبن پر مشتمل اس علاقائی دفتر میں کرسی پر اونگھتے ہوئے اس اکلوتے اہلکار کی آنکھ دورہ کرنے والے صوبائی وفد کی آمد پر کھلی۔ اس نے فالتو کرسیوں کو ترتیب دے کر انہیں بیٹھنے کا کہا۔ دفتر میں موجود ایک خستہ حال کافی مشین کو آن کرتے ہوئے اس دورے کی غرض وغایت معلوم کی۔ پتا چلا کہ ٹیم مختلف علاقوں میں سردی کے حوالے سے آگاہی اور اس کی روشنی میں عوام کو ہدایات جاری کرنے کیلئے نکلی ہے۔ صوبائی محکمے کے سربراہ نے اپنے اس اہلکار سے پوچھا کہ اس علاقے میں سردی کی شدت کا کیا اندازہ ہے؟ اہلکار نے نہایت ہی اعتماد سے کہا کہ سر! اس سال اس علاقے میں بڑی ریکارڈ توڑ قسم کی سردی پڑے گی۔

خراب تو خراب ہے کوئی کامیابی بتا دیں

اظہار خیال — ایاز امیر



قومی ناکامیوں کی لمبی فہرست ہے ایک ایٹم بم کے سوا کچھ بن نہ سکا۔ ایئر لائن نہ چلائی گئی، ریلوے نظام ہمارے ہاتھوں برباد ہوا، روسیوں کی سٹیل مل ہم سے نہ چلی۔ معیشت کا کیا بھانڈا ہمارے سامنے بن رہا ہے وہ قوم جانتی ہے۔ مانگنے تانگنے کی عادت اتنی پڑ گئی کہ قرضوں تلے پاکستان دب کر رہ گیا ہے۔ قرض کی ادائیگیوں اور دفاعی اخراجات کے بعد کیا رہ جاتا ہے۔ قوم کے ساتھ رونما ہونے والے بڑے سانحات کے بارے میں کوئی پوچھ گچھ تو ہوتی نہیں۔ کارگل جیسے ناکام اور خطرناک آپریشن کے بارے میں بھی یہاں سوال بھی نہیں پوچھے گئے۔ یہ مانا کہ ہم جیسوں کی سوچ بڑی منفی ہے، کیڑے ہی نکالتے رہتے ہیں، کسی اچھی طرف دھیان نہیں جاتا۔ یہ تنقید قبول کر لی لیکن جو ایسی تنقید کرتے ہیں اتنی زحمت تو کریں کہ بتائیں کہ قومی کامیابیاں کون کون سی ہیں۔ کون سے میدان ہیں جن میں ہم سرخرو ٹھہرے؟

کسی بھی ملک کا نظم وضبط سیاسی نظام سے چلتا ہے۔ کوئی بتائے تو سہی یہاں سیاسی نظام کیا ہے؟ الیکشن ہم کرا نہیں سکتے، کرا بھی دیں تو ان کے نتائج ہمیں ہضم نہیں ہوتے۔ پھر فارم 47 جیسی واردات ڈالنی پڑتی ہے۔ ایسا ایک دفعہ ہو پھر تو بات ہے لیکن یہاں سیاسی نظام چل نہیں سکا۔ اور قومی عقل ملاحظہ ہو کہ بڑے فخر سے کہا جاتا ہے کہ یہ ہائبرڈ نظام ہے۔ بنگلہ دیش، جس کے عوام کو یہاں کے حکمران گزرے وقتوں میں حقارت سے دیکھتے تھے، ہمیں بتا رہے ہیں کہ کیا چیز ممکن ہو سکتی ہے۔ بنگلہ دیش کے ماضی کو چھوڑیئے، حسینہ واجد کی آمریت تھی اس کے خلاف بنگلہ دیش کے عوام، مردوں، عورتوں نے بغاوت کر ڈالی۔ سینکڑوں جانیں قربان ہوئیں، تب جا کے وہ آمریت ختم ہوئی۔ بنگلہ دیش ہم جیسے ہوتے تو کسی بھی عذر کو سامنے کھڑا کر کے الیکشن نہ کرواتے۔ کوئی آ جاتا خود ساختہ قوم کا مسیحا اور نجات دہندہ جو مسند اقتدار پر قبضہ کر کے کم از کم دس سال انتخابات نہ کرواتا۔ لیکن کوئی ایسا عذر نہیں پیش کیا گیا اور انتخابات ہوئے اور اس سے بھی بڑی بات انتخابات کے نتائج تسلیم کیے گئے۔

دور وج پرور دن ہمیں بھی نصیب ہو جب یہاں ایسا ہو سکے۔ یہاں جو آتا ہے چالاکی اور دھونس کا ایک مربہ بنا کر قوم کے سروں پر لاد دیتا ہے۔ کوئی ایک ایسا تماشا کرنے والا ہو تو نام لیں لیکن جو آیا چاہے نام ایوب یا یحییٰ، ضیا یا مشرف، یہی ناٹک قوم کے ساتھ کیا گیا۔ بنگلہ دیش میں بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی نے انتخابات کو سویپ کیا ہے اور جماعت اسلامی دوسری بڑی پارٹی کے طور پر سامنے آئی ہے۔ یہاں تو رواج یہ رہا ہے کہ انتخابات کے نتائج آئے نہیں اور گالم گلوچ شروع ہو گیا۔ وہاں بی این پی کے سربراہ طارق رحمان نتائج کے بعد جماعت اسلامی کے لیڈر ڈاکٹر شفیق الرحمن کے پاس جاتے ہیں اور خیر سگالی کا پیغام دیتے ہیں۔ جب بنگالی ہمارے ساتھ اس مملکت خداداد کا حصہ تھے، انہیں طعنہ دیا جاتا تھا کہ بچے ہی پیدا کر سکتے ہیں۔ تب مشرقی پاکستان کی آبادی یہاں سے زیادہ تھی۔ اس ایک میدان میں ہم نے ان کو مات دے دی ہے۔ ہماری آبادی ان سے زیادہ اور آبادی کی بڑھوتی کی شرح ہماری کہیں زیادہ۔ زمین ان کی تھوڑی ہے غربت بہت ہے جیسا کہ سارے ہندوستان اور پاکستان میں ہے لیکن ڈھنگ سے انہوں نے کچھ تو کیا ہے کہ برآمدات سے ہم سے زیادہ پیسہ کماتے ہیں اور خزانے میں فارن ایکسچینج ذخائر ان کے ہمارے سے کہیں زیادہ ہیں۔ لہٰذا قوم کے ٹھیکیداروں سے یہی استدعا ہے کہ ایٹم بم کے علاوہ اور بھی کچھ بتائیں کہ ہمارے کارنامے کیا ہیں۔

مانا کہ ہندوستان کے ساتھ چار روزہ مقابلے میں ہمارا پلڑا بھاری رہا۔ صحیح تعداد کا پتا نہیں کیونکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ پہ جائیں تو ہر پندرہ دن بعد گرائے ہوئے جہازوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے لیکن اتنا تو ہے کہ ہمارے ہوابازوں کا کردار بہت اچھا رہا۔ لیکن اس پر مت اٹکے رہیں، مقابلہ ہوا ختم ہو گیا اب آگے کو دیکھنا چاہیے۔ ان کی معیشت اور ہمارے معاشی کشکول کا کوئی موازنہ نہیں۔ معاشی طور پر اپنے پیروں پر کھڑے ہیں اور ان کی معیشت اب برطانوی معیشت سے آگے ہے۔ ہماری وہی چوکیداری ذہنیت ہے کہ کوئی دفاعی بندوبست ہو جائے سعودی عرب سے یا کسی اور سے اور ہمیں کچھ پیسے ملتے رہیں۔ ہر محکمہ ہمارا خسارے میں ہے، کل کے اخباروں میں پڑھا کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی کس حد تک مقروض ہے۔ موٹر وے بنانے پہ ناز کرتے ہیں حالانکہ ان کے اخراجات پورے نہیں ہوتے اور خسارہ قوم کے پیسوں سے حکومت کو بھرنا پڑتا ہے۔ یہ جو مہنگی بجلی کے معاہدے انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز سے ہمارے افلاطونوں نے کیے کبھی ان کے بارے میں بھی کوئی پوچھ گچھ ہوئی؟ یہ معاہدے پیپلز پارٹی نے محترمہ بے نظیر بھٹو کی دوسری حکومت میں شروع کیے۔ محترمہ کی حکومت تھی اور زرداری صاحب مرد اول تھے۔ ان دنوں اسلام آباد میں ایک سفارتی تقریب میں ملے اور بڑے فخریہ انداز میں کہنے لگے کہ دیکھا ہم نے یہ کیسے تاریخی معاہدے کیے ہیں۔ ان تاریخی معاہدوں نے ملک کا ستیاناس کر دیا۔ ان پروڈیوسرز کے ساتھ معاہدوں کی روایت شریفوں نے جاری رکھی۔ چینیوں کے ساتھ بھی بجلی کے معاہدے کیے اور پتا نہیں ان معاہدوں میں کیا کشش تھی کہ ہر بار پاکستان کو گھاٹے کے سودوں کا بوجھ اٹھانا پڑا۔ ہاں جی، پر آپ بھول رہے ہیں کہ انہوں نے میٹرو بسیں بھی دیں اور لاہور اورنج ٹرین چلائی۔ واہ کیا خوب کام، یہ سارے منصوبے مانگے کے پیسوں پر بنائے گئے جن پر سود اور ادھار کے پیسے قوم دہائیوں تک دیتی رہے گی۔ کوئی ان سے پوچھے تو سہی ان سفید ہاتھی منصوبوں کی کوئی ضرورت بھی تھی؟ بس چمک دکھانے کیلئے اور الیکشنوں میں سنت کھڑا کرنے کیلئے یہ منصوبے شروع کیے گئے۔ سارے کے سارے قوم کی گردن پر ایک طوق کی حیثیت رکھتے ہیں۔ لیکن کوئی پوچھنے والا نہیں۔ دیگر باتوں کو چھوڑیے، کوئی دن بھی گزرتے ہیں جب وزیر اعظم صاحب ایک غیر ملکی دورے پر نہیں جاتے؟ جب دیکھو باہر ہی گھوم رہے ہوتے ہیں۔

ایٹم بم کا ذکر اس لیے کہ ایران کی موجودہ حالت کو دیکھ کر رونا آتا ہے۔ امریکی اور کیا کچھ ان پر ٹھونس نہیں رہے اور ہر ایک یعنی بات ایرانیوں کو قبول کرنا پڑ رہی ہے۔ ایرانی کئی بار عندیہ دے چکے ہیں کہ ایٹمی پروگرام کی تقویت کو کم کرنے کے لیے تیار ہیں بشرطیکہ معاشی پابندیاں اٹھائی جائیں۔ امریکہ ہے کہ بیچ ناک کرتا جا رہا ہے، صرف اس لیے کہ ایرانیوں سے تاریخی ناکامی ہوئی کہ ایٹم بم نہ بنا سکے۔ اپنی تمام کمزوریوں اور قباحتوں کے باوجود ہم نے ایٹم بم بنا لیا۔ لیکن اس کے بعد کچھ اور بھی کرتے، بجلی کے مہلک معاہدوں سے بچتے، کارگل جیسے بیکار ایڈونچروں میں نہ پڑتے، طالبان کی حیثیت کو کچھ پہلے سے بھانپ جاتے اور فضول کی دشمنیوں میں اپنی توانائیاں صرف نہ کرتے۔ لیکن نہیں! یہاں تو لگتا ہے قومی ضد بن چکی ہے کہ کوئی ڈھنگ کا کام نہیں کرنا۔ سیاست چلنی ہے تو ہنگاموں پر موقوف ہوتی ہے۔ الیکشن ہونے ہیں تو دھاندلی کا الزام اٹھتا ہے۔ کوئی لیڈر ذرا بھولے سے عوام میں مقبول ہو جائے تو اس کے درپے ہو جاتا ہے کہ کیا مجال اس کی کہ عوام میں اپنا مقام بنا رہا ہے۔

یہ داستانیں کبھی ختم بھی ہوتی ہیں؟ عقل نام کی چیز سے یہاں کام بھی چلایا جاتا ہے؟ ستاروں پر کمند ڈالنے کی بات نہیں، بنگلہ دیش کو دیکھ کر ایک ڈھنگ کا الیکشن تو یہاں ہو جائے۔ معجزہ ہوگا لیکن معجزوں کی امید رکھنے میں کوئی حرج تو نہیں۔

پی ٹی آئی کی طاقت

شہریاراں — نجم ولی خان



میں نے بطور سیاسی تجزیہ کار پی ٹی آئی کی 26 نومبر 2024ء کی کال کی سٹڈی کی۔ اس میں پنجاب، سندھ اور بلوچستان کی شرکت کو جانچا۔ اس کے بعد 8 فروری 2026ء کی پہیہ جام اور ہڑتال کی کال کو بھی۔ جب عمران خان کی آنکھ کا مسئلہ ہوا تو اسی دوران اس پارٹی کی طرف سے موٹر ویز اور ہائی ویز سمیت مختلف شاہراہیں بند کرنے کے عمل کو بھی دیکھا۔ جب عمران خان جیل سے باہر تھے اور لاہور کے زمان پارک میں پولیس پر پٹرول بم پھینکے جا رہے تھے یا اسلام آباد کی سڑکوں پر آگ لگائی جا رہی تھی تو ان میں شامل لوگوں کی بڑی تعداد غیر قانونی مقیم افغانوں اور پی ٹی آئی کے حامی پختونوں کی تھی جن میں پولیس سمیت سرکاری اداروں کے اہلکار بھی شامل تھے۔ 2022ء سے لے کر اب تک ان کے احتجاجوں کو دیکھ لیجئے یہ واضح ہے کہ پی ٹی آئی کی تمام تر سیاسی قوت اس کی خیبر پختونخوا کی حکومت کی بنیاد پر قائم ہے اور اگر وہ خیبر پختونخوا سے باہر نکلتے ہیں تو زیرو ہو جاتے ہیں۔

ابھی حال ہی میں صوابی، ڈیرہ اسماعیل خان، نوشہرہ سمیت دیگر مقامات پر جو سڑکیں بند کی گئیں اس میں کسی بھی جگہ آپ کو سو، سوا سو سے زائد لوگ نظر نہیں آئیں گے اور بہت سارے مقامات پر یہ تعداد محض بیس سے چالیس افراد کے درمیان تھی اور کوئی بھی نارمل آئی کیو رکھنے والا شخص اس کا تجزیہ کر سکتا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور صوبائی پولیس کے تعاون کے بغیر اس قسم کی تخریب کارانہ اور شرپسندانہ سرگرمی کو چار روز تک برقرار رکھنے کا کوئی طریقہ کار ہی نہیں تھا۔ شاہراہوں پر دیئے ہوئے ان دھرنوں میں وہ صوبائی وزراء بھی شامل تھے جو پنجاب اور سندھ کے دورے پر گئے اور وہ صوبائی تعصب پھیلا کے واپس آئے۔ اب ان کا ٹارگٹ ان کے اپنے عوام تھے اور ایک چوہتر برس کے قیدی کی آنکھ کے نان ایشو کو ایشو بنایا جا رہا تھا۔ نان ایشو اس لئے کہ شکایت آنے کے بعد حکومت کی طرف سے اسلام آباد کے بہت ہی معتبر ہسپتال پمز سے موصوف کا ٹریٹمنٹ ہو چکا تھا اور جب اس کو سیاسی ایشو بنایا گیا تو اس کے بعد میڈیکل بورڈ کے ماہرین کی متفقہ رائے تھی کہ پمز میں ہونے والے ٹریٹمنٹ کے بعد ان کی آنکھ بہتر ہو رہی ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ عمران خان کی آنکھ سے پہلے اس کے لنگڑے ہونے کو بھی ایشو بنایا گیا مگر جب رینجرز نے انہیں گرفتار کیا تو وہ دوڑنے لگے، اپنے لئے ایکسر سائز سائیکل منگوالی۔ اسی طرح ایک مرتبہ یہ پروپیگنڈہ کیا گیا کہ بشریٰ بی بی کو زہر (ان کے مطابق ہارپک کے قطرے) دیے جا رہے ہیں تو اس کا طبی معائنہ ہوا تو پتا چلا کہ انہیں معدے کی وہ تیزابیت ہوگئی ہے جو مرچوں والی اشیا جیسے کرکرے وغیرہ زیادہ کھانے سے لڑکیوں کو ہو جاتی ہے۔ افواہیں تو ان کی موت کی بھی پھیلائی گئیں تاکہ کارکنوں کو جذباتی کر کے باہر نکالا جا سکے مگر وہ اس میں مکمل طور پر ناکام رہے۔ بہر حال یہ میری سوچی سمجھی رائے ہے کہ یہ معاملہ سو فیصد سیاسی ہے اور اس کا طبی معاملات سے کوئی تعلق نہیں ہے کیونکہ بانی پی ٹی آئی کو وہ تمام طبی سہولتیں فراہم کی جا رہی ہیں جو کسی بھی وی آئی پی کے لئے ممکن ہو سکتی ہیں۔

عمران خان کی آنکھ کا مسئلہ اس لئے بھی ہائی لائیٹ کیا گیا تاکہ ڈیل اور ڈھیل کا شور مچایا جا سکے۔ پی ٹی آئی کے حامی سوشل میڈیا ایکٹیویسٹس نے پھر عمران آ رہا کا چورن بیچنا شروع کر دیا جو اس سے پہلے ختم ہو چکا تھا مگر اس ٹیسٹ میچ کو بھی حکومت جیت گئی۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کی طرف سے واضح بیان دیا جا چکا ہے کہ نہ کوئی ڈیل ہے اور نہ ہی کوئی ڈھیل ہے، ہاں، یہ ضرور ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل میں جب کوئی مرض ہوگا تو اس کا بہترین علاج کیا جائے گا کیونکہ حکومت اور اسٹیبلشمنٹ دونوں کو ہی زندہ عمران خان سوٹ کرتا ہے، وہ کوئی نیا بھٹو بنانے کا چیلنج نہیں لینا چاہتے مگر دوسری طرف کچھ عناصر ایسے ہیں جن کے خیال میں زندہ عمران خان ان کے سیاسی اور مالی مفادات پورے نہیں کر سکتا۔ افسوس کا مقام یہ ہے کہ ایسے عناصر عمران خان کے قریبی سمجھے جاتے ہیں اور ان میں سے کچھ کو وزیر داخلہ محسن نقوی نے اپنی پریس کانفرنس میں ایکسپوز بھی کیا ہے۔ بہر حال، اس موضوع پر پھر لکھیں گے کہ اس وقت موضوع پی ٹی آئی کی پولیٹیکل پاور کا تعین ہے جسے خود پی ٹی آئی نے اپنے ہی صوبے کی سڑکیں بند کر کے تباہ کرنے کی کوشش کی۔ ہم نے دیکھا کہ عوام اپنی ہی منتخب کی ہوئی حکومت کو بددعائیں دے رہے تھے۔ یہ سوال کیا جا رہا تھا کہ رمضان المبارک سر پر ہے۔ عوام کو کوئی رمضان پیکج دینے، مصنوعی مہنگائی کا راستہ روکنے اور اسی طرح کے دیگر اقدامات کی نگرانی کے لئے ان کا وزیر اعلیٰ کہاں ہے؟

بہت سارے حلقوں نے یہ جان اور مان لیا ہے کہ پی ٹی آئی کے تمام تر احتجاج اور دباؤ کا راز خیبر پختونخوا کی حکومت میں ہے مگر مسئلہ یہ ہے کہ آٹھ فروری کے انتخابات کے بعد آئینی، قانونی اور جمہوری طریقے سے اس حکومت کا خاتمہ ممکن نہیں ہے۔ رئیل پالیٹکس کے سٹوڈنٹس جانتے ہیں کہ ہماری سیاسی جماعتیں اس وقت تک مقبول نہیں ہوتیں جب تک انہیں حکومت کی پشت پناہی نہ ہو۔ یہ بھی ثابت ہو چکا کہ آج سے تیرہ، چودہ برس پہلے پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا میں حکومت قائم کروانا ایک غلط سیاسی فیصلہ تھا جس کا بہت زیادہ نقصان ہوا کیونکہ اس سے پی ٹی آئی کو ایک پاور بیس مل گئی اور اسی پاور بیس کی مدد سے نو مئی کے بہت سارے احتجاج کیے۔ یہ حکومتی طاقت ہی کی بنیاد تھی کہ جہاں ہمیں مظاہرین بھی ٹریفک روک رہے تھے وہاں ان کے سامنے موجود ان سے تعداد میں سو گنا زیادہ موجود بھی مزاحمت نہیں کر رہے تھے کیونکہ انہیں خدشہ تھا کہ اس کے پیچھے سرکاری طاقت موجود ہے اور اگر انہوں نے مزاحمت کی تو انہیں اس کا خمیازہ بھگتنا پڑ سکتا ہے۔ مجھے یہ کہنے میں عار نہیں کہ عمران خان کی رہائی صرف اور صرف قانونی اور سیاسی طریقوں سے ہی ممکن ہے مگر اس کے برعکس یہ حکومتی طاقت ہی ہے جس کی بنیاد پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کے لئے فورس بنانے کا اعلان کر رہے ہیں ورنہ ایک آئینی معاشرے میں فورسز صرف وہی ہو سکتی ہیں جن کا ذکر آئین اور قانون میں موجود ہو۔ یہ اسی حکومت کی بنیاد پر اس فورس کے ذریعے مزاحمت کی بات کر رہے ہیں اور سوال یہ ہے کہ کیا یہ فورس جیل پر حملہ کر کے عمران خان کو رہا کروائے گی؟ حاصل کلام یہ ہے کہ سب کو نظر آ رہا ہے کہ پی ٹی آئی کی مقبولیت، طاقت اور مزاحمت کی بنیاد اب صرف اور صرف کے پی حکومت ہے۔

بنگلہ دیش کا نیا جغرافیائی و سیاسی رخ

پیامبر — قادر خان یوسف زئی



خطے کی سیاست میں جب بھی کوئی بڑی اور غیر متوقع تبدیلی رونما ہوتی ہے، تو اس کے اثرات محض سرحدوں کے پار تک محدود نہیں رہتے بلکہ وہ پوری تزویراتی بساط کو اس طرح الٹ کر رکھ دیتے ہیں کہ دہائیوں پر محیط روایتی بیانیے دم توڑنے لگتے ہیں۔ جنوبی ایشیا کی سیاست اس وقت ایک ایسے ہی تاریخی، حساس اور فیصلہ کن موڑ پر کھڑی ہے جہاں پرانی وفاداریاں تاریخ کے اوراق میں گم ہو رہی ہیں اور نئے تزویراتی اتحاد ایک نئی صبح کا اعلان کر رہے ہیں۔ فروری 2026ء میں بنگلہ دیش کے عبوری چیف ایڈوائزر ڈاکٹر محمد یونس کی الوداعی تقریر نے درحقیقت نئی دہلی کے ایوان اقتدار میں ایک ایسا زلزلہ برپا کیا، جس کے سیاسی اور سفارتی آفٹر شاکس شاید کئی دہائیوں تک محسوس کیے جاتے رہیں گے۔ اٹھارہ ماہ پر محیط اس عبوری حکومت کے اختتام پر ان کا یہ بیان محض کوئی روایتی سیاسی تقریر نہیں تھا، بلکہ یہ ایک نئی، بیدار اور خودمختار ریاست کا وہ دوٹوک بیانیہ تھا جس نے بھارت کی خطے میں نام نہاد بالادستی اور چودھراہٹ کو سیدھا چیلنج کیا ہے۔

ڈاکٹر یونس نے اپنی تقریر میں بڑی مہارت اور سفارتی نزاکت کے ساتھ بھارت کی ''سیون سسٹرز'' یعنی ان سات شمال مشرقی ریاستوں جن میں اروناچل پردیش، آسام، منی پور، میگھالیہ، میزورم، ناگالینڈ اور تریپورہ شامل ہیں، کا ذکر جس تزویراتی اور اقتصادی پیرائے میں کیا، اس نے بھارتی اسٹیبلشمنٹ کی راتوں کی نیندیں اڑا دی ہیں۔ انہوں نے بنگلہ دیش کے کھلے سمندر تک رسائی کو بنیاد بناتے ہوئے نیپال، بھوٹان اور ان بھارتی ریاستوں کے ساتھ تجارت کے جس روشن امکان کو اجاگر کیا، وہ بظاہر تو علاقائی روابط کا ایک معاشی خاکہ تھا، لیکن درحقیقت یہ ایک ایسی گہری تزویراتی حکمت عملی تھی جس نے بھارت کو یہ پیغام دیا کہ بنگلہ دیش اپنے جغرافیائی محل وقوع کو کس طرح اپنے مفاد میں استعمال کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ اس بیان سے بھارت میں جو بے چینی اور کھلبلی پیدا ہوئی، وہ بلاوجہ نہیں تھی۔ بھارت کو بجا طور پر یہ خوف لاحق ہو گیا ہے کہ بنگلہ دیش اپنے اس شاندار جغرافیے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے شمال مشرقی بھارت کے خطے میں اپنا معاشی اور سیاسی رسوخ بڑھا سکتا ہے، اور وہ بھی ایک ایسے وقت میں جب ڈاکٹر یونس کے اٹھارہ ماہ کے دور حکومت میں بنگلہ دیش کے اندر بھارت مخالف جذبات اپنے عروج کو چھو رہے تھے۔

ڈاکٹر یونس نے واضح طور پر یہ اعلان کیا کہ بنگلہ دیش نے اپنی کھوئی ہوئی خودمختاری دوبارہ حاصل کر لی ہے اور اب وہ کسی بھی صورت میں بھارت کی ''مطیع اور فرمانبردار'' ریاست بن کر نہیں رہے گا۔ اس کے ساتھ ہی، ڈھاکہ کا بیجنگ اور اسلام آباد کی طرف گرمجوشی سے بڑھتا ہوا جھکاؤ اس امر کی غمازی کرتا ہے کہ خطے کی سیاست میں ایک نیا محور جنم لے رہا ہے۔ اگر ہم اس صورتحال کو جغرافیائی حقائق کی عینک سے دیکھیں تو تصویر مزید واضح اور بھیانک ہو کر بھارت کے سامنے ابھرتی ہے۔ بنگلہ دیش بھارت کے ساتھ چار ہزار کلومیٹر سے طویل اور پیچیدہ زمینی سرحد شیئر کرتا ہے، جو خاص طور پر ان چار شمال مشرقی ریاستوں آسام، میگھالیہ، تریپورہ اور میزورم کو اپنے گھیرے میں لیتی ہے۔ یہ جغرافیائی محل وقوع ایک ایسا حصار بناتا ہے جس نے بھارت کو ہمیشہ ایک مستقل نفسیاتی اور عسکری دباؤ میں رکھا ہے۔ یہ دعویٰ بالکل بجا اور زمینی حقائق کے عین مطابق ہے کہ بنگلہ دیش کا چورانوے فیصد علاقہ کسی نہ کسی طرح بھارت سے جڑا ہوا محسوس ہوتا ہے، کیونکہ شمال، مشرق اور مغرب میں بھارتی سرحدیں اس کے سینے سے لگی ہیں اور صرف جنوب میں خلیج بنگال کی لہریں اسے کھلے پانیوں تک رسائی دیتی ہیں۔

اس سارے پیچیدہ منظر نامے میں بھارت کے لیے سب سے بڑی دکھتی رگ اور دفاعی کمزوری اس کا ''سلی گوڑی کوریڈور'' ہے، جسے عام اصطلاح میں چکن نیک کہا جاتا ہے۔ یہ ایک انتہائی تنگ زمینی پٹی ہے جو شمال مشرقی ریاستوں کو بقیہ مین لینڈ بھارت سے جوڑتی ہے۔ اگرچہ یہ کوریڈور مکمل طور پر بھارتی کنٹرول میں ہے، لیکن اس کی تزویراتی نزاکت اور کمزوری نے ہمیشہ بھارتی پالیسی سازوں کو خوف میں مبتلا رکھا ہے۔ اس جغرافیائی حقیقت نے بنگلہ دیش کو شمال مشرق تک رسائی کے حوالے سے ایک کلیدی اور ناگزیر حیثیت دے دی ہے، جس کے تحت بھارت ہمیشہ سے بنگلہ دیش سے محفوظ تجارتی اور عسکری راہداریوں کا طالب رہا ہے۔ تاہم سفارتی حلقوں میں یہ بحث بھی زوروں پر ہے کہ ڈھاکہ کی موجودہ استعداد اس نوعیت کی نہیں ہے کہ وہ تن تنہا اس پورے خطے کو تنہا کر سکے، کیونکہ بھارت کی عسکری برتری اور اس کوریڈور پر اس کا آہنی کنٹرول فی الحال اس کے حق میں ہے، لیکن جغرافیے کا جو جبر بھارت پر مسلط ہے، اس کا کوئی مستقل علاج نئی دہلی کے پاس نہیں ہے۔

بھارت نے سیون سسٹرز پر اپنا تسلط برقرار رکھنے اور وہاں اٹھنے والی آزادی اور علیحدگی کی تحریکوں کو کچلنے کے لیے وسائل کا بے دریغ استعمال کیا ہے۔ نئی دہلی نے ان خطوں میں ہونے والی سرمایہ کاری اور مرکزی حکومت کی جانب سے ملنے والے فنڈز کو علاقائی جی ڈی پی کے بیس سے پچپن فیصد تک پہنچا دیا ہے، جو اس امر کا ثبوت ہے کہ بھارت اس خطے کی پسماندگی اور وہاں کے عوام کی محرومیوں سے کس قدر خائف ہے۔ اس بھاری مالی جھونک کے باوجود، وہاں بنیادی ڈھانچے کا فقدان، ریلوے اور ہوائی رابطوں کی کمی اور دہائیوں سے سلگتی ہوئی شورشیں ایک تلخ حقیقت ہیں۔ نئی دہلی کی ''ایکٹ ایسٹ پالیسی'' کا بنیادی مقصد ہی آسیان ممالک کے ساتھ معاشی تعلقات کو مضبوط کر کے اس خطے کو تنہائی کے خطرے سے نکالنا تھا، جبکہ بنگلہ دیش کی سرحد کے تقریباً اناسی فیصد حصے پر باڑ لگا کر در اندازی کو روکنے کی کوشش کی گئی۔

ماضی کی بھارت نواز بنگلہ دیشی حکومتوں نے نئی دہلی کی خوشنودی کے لیے شمال مشرقی علیحدگی پسندوں، بالخصوص الفا (ULFA) کے کیمپوں کو تباہ کر کے بھارت کا بھرپور ساتھ دیا تھا، لیکن موجودہ سیاسی زلزلوں اور تبدیلیوں کے بعد اس تعاون کے مکمل طور پر ختم ہونے کے قوی امکانات پیدا ہو گئے ہیں۔ اگرچہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ طاقت کے عدم توازن کی وجہ سے علیحدگی پسندوں کو پناہ دینے کی دھمکیاں محض بیان بازی ہو سکتی ہیں، لیکن آزاد بنگلہ دیش بذات خود بھارت کے لیے ایک بہت بڑا اسٹریٹجک رسک بن چکا ہے۔ تزویراتی اعتبار سے دیکھا جائے تو، اب نئی دہلی کو یہ تلخ حقیقت تسلیم کر لینی چاہیے کہ جنوبی ایشیا کی جغرافیائی و سیاسی سیاست میں اب دھونس، دباؤ اور ہٹ دھرمی کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہی، اور ایک بیدار بنگلہ دیش اب خطے کی تقدیر کے فیصلے اپنے مفادات کی روشنی میں کرنے کا بھرپور اور جائز حق رکھتا ہے۔

اسلامی جمہوریہ ایران کے قومی دن کے موقع پر کوئٹہ میں منعقدہ تقریب کا مختصر احوال

تحریر: شجاع

2.	Solarization of Basti Serati, Basti Mirriwah, Basti Vitakri, Basti Kandali, Basti Dubba, Basti Budhi Kharecha, Basti Nikri, Basti Chacha, Basti Kandhar, Basti Kuchari, Basti Tang Karir, Basti Takra, Basti Kuja, Basti Zarkoon Ismail Baghao, Basti Chodi Baghao, Basti Miran Rubani Bkn. **TSE-252602977723**	16,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **ELIGIBILITY:** All mandatory requirements are mentioned in Bidding documents for qualifying the eligibility criteria. **PROCEDURE OF PROCUREMENT:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure. **BID SECURITY:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Guarantee, Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **TENDER DOCUMENTS:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR** on head of account **C03870. ISSUANCE OF TENDER DOCUMENTS:** From the date of publication of NIT to **06 March, 2026** during office hours on working days. **LAST DATE OF BID SUBMISSION:** The Tenders must be submitted latest by **06 March, 2026 till 11:00 AM. TENDER OPENING:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM ADDRESS:** Office of the Assistant Director Local Government District Barkhan Balochistan **Phone no:** 0301-3722959 **Email:** yasinjamali959@gmail.com

ASSISTANT DIRECTOR
LOCAL GOVERNMENT
BARKHAN

PRQ No.3865/20-02-2026

TENDER NOTICE

The Chief Minister Non-Communicable Diseases Program invites bids from supply of following items. **TSE-252602978541 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB Bid Security 2%**

S.No	Class of Object	Tender Fee
1	Manufactured Vehicles & Accessories (Total Item(s) Count: 2)	1,000 PKR 2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility Criteria:** Can be viewed at www.bppra.gob.pk **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically by **06 March, 2026 till 11:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **12:00 PM** on **EPPS System Address:** Railway Society Joint Road **Phone no:** 3358019167 **Email:** ncdprogram1@gmail.com

Project Coordinator
Chief Minister Non-Communicable Diseases Program

AB No.880/20-02-2026

بقیہ 1 قرارداد

کی نشستوں میں اضافے کی مشترکہ قرارداد منظور کرلی گئی بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علما اسلام کے رکن اسمبلی اصغر علی ترین نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جو رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا اور وسائل سے مالا مال صوبہ ہے لیکن مسائل کی وجہ سے متاثر اور پسماندہ صوبہ ہے، علاوہ ازیں ملک کے 44 فیصد رقبے کا حامل صرف جنگ نہیں بلکہ اس کی اصل نمائندگی ہے اور نمائندگی بڑھانے سے ہی مسائل کا حل ممکن ہے۔ لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ کثیر آبادی اور وسیع رقبے کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کی صوبائی اسمبلی کی نشستیں 65 سے بڑھا کر 85 اور قومی اسمبلی میں بلوچستان کی نشستیں 20 سے بڑھا کر 28 کرنے کیلئے عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ بلوچستان کے عوام میں پائی جانے والی بے چینی اور احساس محرومی کا خاتمہ ممکن ہو سکے، اپنی قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے اصغر ترین نے کہا کہ بلوچستان میں قومی اسمبلی کی ایک نشست پنجاب کے ایک ضلع کے برابر ہے، رخشان ڈویژن کی قومی اسمبلی کے حلقے کا رقبہ خیبر پختونخوا کے برابر ہے، بلوچستان کی قومی اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کیلئے قانون سازی کو 27 ویں آئینی ترمیم میں شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا تھا تاہم بعد ازاں اس کو قانون سازی کا حصہ نہیں بنایا گیا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی اتحادی حکومت ہے جبکہ وفاق میں بھی دونوں جماعتوں کی حکومت ہے یہی موقع ہے کہ دونوں بڑی جماعتیں بلوچستان کی نشستوں میں اضافہ کیلئے آئین میں ترمیم کریں، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ ماضی میں بلوچستان کو اس طرح سے توجہ نہیں ملی جس کا وہ حقدار تھا وقت کا تقاضا ہے کہ بلوچستان کے معاملات پر غور کیا جائے انہوں نے کہا کہ قومی جماعتیں بلوچستان کی نمائندگی میں اضافہ کیلئے قانونی سازی کریں، نشستوں میں اضافے سے سیاسی جماعتوں کی نمائندگی میں اضافہ ہوگا انہوں نے کہا کہ قومی اسمبلی کی نشستوں کی تعداد کی بجائے 40 سے زائد اضافہ ہونا چاہیے بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے قومی وصوبائی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کو صوبے کے مفاد میں قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب ہم دیگر قوانین منظور کر سکتے ہیں تو یہ بھی منظور کیا جائے اور صرف قرار داد منظور نہیں بلکہ اس پر عملدرآمد بھی کیا جائے، رخشان کے قومی اسمبلی کی نشست چار اضلاع پر مشتمل ہے، مردم شماری میں ہمارے صوبے کی آبادی کو کم ظاہر کیا گیا، قومی اسمبلی کی 362 نشستوں میں بلوچستان کی نشستیں آٹے میں نمک کے بھی برابر نہیں، صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا کہ نصیر آباد کی 6 لاکھ آبادی پر مشتمل علاقے کی قومی اسمبلی میں نمائندگی نہیں۔ انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کہ وہ اس حوالہ سے ایک کمیٹی قائم کریں جو وفاق میں دلائل کے ساتھ اپنی بات کرے۔ نیشنل پارٹی کے رکن رحمت صالح بلوچ نے کہا کہ 2017 میں بھی صوبائی اور قومی اسمبلی کی نشستوں میں اضافہ کی قرارداد اس ایوان سے منظور ہوئی ہے بلوچستان رقبہ کے اعتبار سے ملک کا 47 فیصد حصہ ہے اس کے پیش نظر قومی وصوبائی اسمبلی کے حلقوں میں اضافہ کرکے عوامی نمائندگی میں اضافہ کیا جائے۔ عوامی نیشنل پارٹی کے انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ پہلے بھی ہم نے اس ایوان سے مشترکہ قرارداد منظور کرائی تھی ہر ضلع کو ایک قومی اسمبلی کی نشست دی جائے، سینیٹ سے منظوری کے بعد قومی اسمبلی سے یہ قرارداد منظور نہ ہوسکی، آج دوبارہ قرارداد منظور ہو رہی ہے اس قرارداد کو ایوان کی مشترکہ قرارداد کے طور پر منظور کیا جائے، انہوں نے تجویز دی کہ بلوچستان میں پندرہ سے بیس اضلاع، نئے ڈویژن، تحصیلیں بنائی جائیں انہوں نے اسپیکر سے استدعا کی کہ اسپیکر کی سربراہی میں اس حوالہ سے ایک پارلیمانی کمیٹی تشکیل دی جائے جو وفاق میں بات کرے۔ بعد ازاں نیشنل پارٹی کے رکن خیر جان بلوچ نے قرارداد کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی صوبے اور وفاق میں حکومت ہے ... انہوں نے کہا کہ بلوچستان قومی اسمبلی کی 40 سے زائد نشستوں کا حقدار ہے۔

بقیہ 2 وزیراعلیٰ

مطابق تنخواہیں ادا کریں واشک میں جتنی بھی ایمبولنس خراب ہیں انہیں خصوصی فنڈ سے ٹھیک کروایا جائے گا یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی، اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کے محکمہ اطلاعات کے سوال کے جواب پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اخبار مالکان سالانہ 52 کروڑ روپے سے زائد کے اشتہارات لیتے ہیں لیکن اخباری صنعت کے ملازمین کو تنخواہیں نہیں دی جاتی انہیں سرکاری اجرت کے مطابق کم سے کم تنخواہ ضرور دی جانی چاہیے جس پر وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں پرنٹ میڈیا کم سے کم ہو رہا ہے اخبارات کم ہو رہے ہیں ہم نے ایک سروے کرایا ہے جس میں 70 فیصد عوام نے کہا کہ ہم معلومات فیس بک کے ذریعے حاصل کرتے ہیں بلوچستان حکومت ڈیجیٹل میڈیا پالیسی بنا رہی ہے پرنٹ میڈیا کو زندہ رکھنے کیلئے انہیں اشتہار دیے جاتے ہیں لیکن یہ بات بالکل درست ہے اور ایوان کی یہ رائے ہے کہ اخباری مالکان ملازمین کو کم سے کم سرکاری اجرت کے مطابق تنخواہ ضرور دیں جبکہ محکمہ صحت سے متعلق واشک میں ایمبولینس خراب ہونے کے انکشاف کے بعد وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وہ اپنے خصوصی فنڈ سے واشک میں خراب ایمبولنسوں کی مرمت کروائیں گے اس موقع پر اسپیکر نے صوبائی وزیر صحت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ سیکرٹری صحت کو اجلاس میں موجود ہونا چاہیے تھا جس پر صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے جواب دیا کہ سیکرٹری صحت اس وقت اسلام آباد میں ہیں جس پر اسپیکر نے کہا کہ صحت کے کسی اور سینئر افسر کو اجلاس میں ہونا چاہیے تھا تاکہ وہ تجاویز اور اعتراضات کو نوٹ کر سکیں بعد ازاں محکمہ اطلاعات اور محکمہ صحت سے متعلق سوالات کو نمٹا دیا گیا۔

بقیہ 3 بحری بیڑہ

موجود ہوگا۔ حالیہ دنوں میں خطے میں بڑھتی ہوئی کشیدگی کے پیش نظر اس تعیناتی کو انتہائی اہم سمجھا جا رہا ہے۔ امریکی محکمہ دفاع کی جانب سے جاری کی گئی تصاویر میں بحیرہ روم میں یو ایس ایس جیرالڈ آر فورڈ کے عرشے سے ایف اے-18 ایف سپر ہارنیٹ طیارے کی پرواز بھی دکھائی گئی ہے جو امریکی بحریہ کی آپریشنل تیاریوں کی عکاسی کرتی ہے۔

بلوچستان مختلف زبانوں و ثقافتوں کا حسین گلدستہ ہے، جمال شاہ کاکڑ

مادری زبان ہماری پہچان، ثقافت اور تاریخ کا بنیادی ستون اور یہی ہماری روایات، اجتماعی شعور کی امین بھی ہے، رکن قومی اسمبلی

عالمی یوم مادری زبان کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہئے کہ ہم اپنی مادری زبانوں کے فروغ اور تحفظ کیلئے مل کر کردار ادا کریں گے، پیغام

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے عالمی یوم مادری زبان کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ مادری زبان ہماری پہچان، ثقافت اور تاریخ کا بنیادی ستون ہے اور یہی ہماری روایات اور اجتماعی شعور کی امین بھی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف زبانوں اور ثقافتوں کا حسین گلدستہ ہے، جن میں بلوچی، پشتو، براہوی، سندھی، سرائیکی اور دیگر زبانیں شامل ہیں، جو ہماری مشترکہ شناخت کا حصہ ہیں۔ ان زبانوں کا فروغ اور تحفظ نہ صرف ثقافتی بقا، بلکہ قومی یکجہتی کے لئے بھی ناگز......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سے وزیراعظم کی کوآرڈی نیٹر رومینہ خورشید عالم ملاقات کررہی ہیں

آبائی اراضی سے محروم کرنے کی پالیسی برداشت نہیں، مولانا عبدالرحمان رفیق

اراضی اغبرگ، نوحصار اور ہنہ اوڑک کے مقامی قبائل کی آباواجداد کی ہیں، عین اللہ شمس

حکومت غیر قانونی الاٹمنٹ کا فوری نوٹس لے، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب ایوبی، شیخ مولانا عبدالاحد، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ، مولانا محمد عارف شمشیر، اور دیگر رہنماؤں نے اغبرگ، نوحصار اور ہنہ اوڑک کے مقامی قبائل کی آباواجداد کی زمینوں پر ہونے والی غیر قانونی الاٹمنٹ کی شدید اور بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مذکورہ علاقوں کی زمینیں صدیوں سے مقامی قبائل کی ملکیت ہیں جن پر کسی بھی قسم .... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

رئیل اسٹیٹ کا کاروبار کرنے والے ٹیکس کی ادائیگی یقینی بنائیں، بی آر اے

غیر منقولہ جائیداد کی خرید و فروخت یا کرایہ داری سے متعلق خدمات پر 5 فیصد سیلز ٹیکس عائد ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے غیر منقولہ جائیداد کی خرید و فروخت یا کرایہ داری (ہاؤسنگ) سے متعلق خدمات فراہم کرنے والے افراد و اداروں کو ہدایت جاری کی ہے کہ وہ فوری طور پر بی آر اے کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور ہر ٹیکس پیریڈ کی ریٹرن مقررہ وقت کے اندر جمع کرائیں۔ بی آر اے کے مطابق بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز (BSTS) ایکٹ 2015 ترمیم شدہ فنانس ایکٹ 2025 کے تحت غیر......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: صوبائی وزیر صادق عمرانی، نواب محمد اسلم رئیسانی اور حاجی لشکری رئیسانی سے ملاقات کررہے ہیں

نادرا: پاکستانیوں کی فیملی ٹری میں ہزاروں غیر متعلقہ افراد کی موجودگی کا انکشاف

ابتدائی طور پر راولپنڈی میں کارروائی شروع، 833 افراد کو نوٹس جاری 7 دن میں پیش ہونے کا حکم

مذکورہ افراد پر جعل سازی کے ذریعے پاکستانی شہریوں کے فیملی ٹری میں شامل ہونے کا الزام ہے

راولپنڈی (زاہد احمد خان) نادرا میں پاکستانیوں کی فیملی ٹری میں ہزاروں مشکوک شخصیتوں کے موجودگی کا انکشاف ہوا ہے، جس کیخلاف کارروائی شروع کردی گئی ہے، جعل سازی کے ذریعے پاکستانی شناختی کارڈ حاصل کرنے والے مشتبہ افراد کو نادرا نے طلب کرلیا۔ نادرا حکام کے مطابق ابتدائی طور پر ضلع راولپنڈی کے 833 افراد کو پیش ہونے کے نوٹس جاری کردیئے اور ان 833 افراد کو 7 دنوں میں پیش ہونے کا حکم دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ افراد پر جعل سازی کے ذریعے پاکستانی شہریوں کے فیملی ٹری میں شامل ہونے کا الزام ہے، جعل سازی کے......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: ایم این اے عادل خان بازئی سے ایم پی اے خیر جان بلوچ مصافحہ کررہے ہیں

باجوڑ ملنگی پوسٹ پر خودکش حملہ کرنیوالا خارجی افغان شہری نکلا

احمد عرف قاری عبداللہ ابوذر طالبان کی اسپیشل فورسز کا حصہ بھی رہ چکا ہے، طالبان رجیم کی دہشتگردوں کی سرپرستی کا واضح ثبوت

افغان طالبان کی دہشتگرد تنظیموں کی پشت پناہی سے واضح ہے کہ دہشتگردوں کو افغانستان میں محفوظ پناہ گاہیں میسر ہیں، ماہرین

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں دہشت گردی کے لیے افغان سرزمین کا استعمال ہونے سے متعلق مزید ناقابل تردید شواہد منظر عام پر آ گئے۔ 16 فروری 2026 کو باجوڑ میں ملنگی پوسٹ پر خودکش حملہ کرنے والا خارجی دہشتگرد بھی افغان شہری نکلا۔ خودکش حملہ آور کی شناخت خارجی احمد عرف قاری عبداللہ ابوذر کے نام سے ہوئی جو افغانستان کے صوبہ بلخ کا رہائشی تھا۔ خارجی احمد عرف قاری عبداللہ ابوذر طالبان کی اسپیشل فورسز کا حصہ بھی رہ چکا ہے۔ واضح رہے کہ اس خودکش حملے میں 11 سیکورٹی اہلکاروں سمیت 2 معصوم شہری بھی شہید ہوئے......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ سے پارلیمانی سیکرٹری حادیہ نواز، اور ایم پی اے سلمیٰ کاکڑ ملاقات کررہی ہیں

عوام کو ریلیف دینے کیلئے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سستا بازار فعال

رمضان سستا بازار روزانہ صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک کھلا رہے گا

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے رمضان سستا بازار عوام کو ریلیف فراہم کرنے کیلئے فعال ہے رمضان سستا بازار روزانہ صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک کھلا رہے گا، جہاں اشیاء خورد و نوش رعایتی نرخوں پر دستیاب ہیں سستا بازار میں دالیں، گوشت، سبزیاں اور دیگر ضروری اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جارہی ہے روزہ دار اور شہری روزانہ کی بنیاد پر رمضان سستا بازار سے معیاری اور سستی اشیاء خرید سکتے ہیں ضلعی انتظامیہ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

سوراب، پک اپ الٹنے کے باعث 10 افراد زخمی، 3 کی حالت تشویشناک

مقامی افراد و ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی

سوراب (نامہ نگار) گدر کلغلی کے مقام پر ٹائر برسٹ ہونے سے پک اپ گاڑی الٹ گئی، بچوں سمیت 10 افراد زخمی، تین کی حالت نازک، تفصیلات کے مطابق ضلع شہید سکندر آباد سوراب تحصیل گدر کلغلی کے مقام پر ایک افسوسناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جہاں پک اپ گاڑی کا ٹائر برسٹ ہونے سے گاڑی بے قابو ہو کر الٹ گئی حادثے کے نتیجے میں بچوں سمیت 10 افراد زخمی ہوگئے، جن میں سے تین زخمیوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

گزشتہ برس عازمین حج کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، محمد عبدالقادر

حکومت پر لازم کہ وہ حج جیسے مقدس فریضہ کے انتظامات کو محض انتظامی معاملہ نہ سمجھے، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ حج، ہر مسلمان کی زندگی کا ایک اہم ترین مذہبی فریضہ ہے، جس کی ادائیگی کے لئے پاکستان سے ہر سال ہزاروں افراد سرکاری اور نجی اسکیموں کے تحت حج کے لئے روانہ ہوتے ہیں گزشتہ برس پاکستانی عازمین حج کو بنیادی سہولیات کی کمی، بدانتظامی اور ناقص منصوبہ بندی کے باعث شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جس نے حکومتی کارکردگی پر سنجیدہ سوالات کھڑے ہے......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیا جائے، مولانا ہدایت الرحمن

ضلعی انتظامیہ اس امر کو یقینی بنائے کہ اشیائے خورد و نوش عوام کو سرکاری نرخوں کے مطابق مناسب قیمتوں پر دستیاب ہوں

مقدس مہینے میں عوام کو سہولت فراہم کرنا اور ان کے مسائل میں کمی لانا ضلعی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان قائد حق دو تحریک بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ماہ مقدس رمضان المبارک کے پیش نظر گوادر بھر میں احترام رمضان کو یقینی بنانے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لئے ضلعی انتظامیہ کو خصوصی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ڈپٹی کمشنر گوادر سمیت ضلع گوادر کی تحصیلوں جیونی، پسنی اور اورماڑہ کے تحصیلداران کو ہدایت کی کہ احترام رمضان المبارک کو برقرار رکھنے کے لئے موثر اور ٹھوس اقدامات کئے......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، قمبرانی روڈ کے مکین بجلی کی عدم فراہمی کیخلاف سراپا احتجاج

ٹائر جلا کر روڈ بلاک، ہرقسم کی ٹریفک معطل، روزہ داروں کو شدید مشکلات کا سامنا

انتظامیہ کی یقین دہانی پر احتجاج ختم، مظاہرین پر امن طور پر منتشر ہو گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) قمبرانی روڈ کے مکینوں نے ماہ رمضان میں بجلی کی عدم فراہمی کے خلاف ٹائر جلا کر روڈ بلاک کرکے شدید احتجاج کیا جس سے ہرقسم کی ٹریفک معطل ہوگئی اور روزہ داروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا گزشتہ روز کوئٹہ کے نواحی علاقے قمبرانی روڈ اور ملحقہ علاقوں کے مکینوں نے بجلی کی عدم فراہمی اور گزشتہ 2 ہفتوں سے ٹرانسفارمر کی خرابی کو ٹھیک نہ کرنے کے خلاف ٹائر جلا کر قمبرانی روڈ کو بلاک کردیا جس سے ہرقسم کی ٹریفک معطل ہوگئی روڈ بلاک......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیرہ مراد جمالی، کرنٹ لگنے سے خاتون جاں بحق

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی وارڈ نمبر 7 ڈوکی محلہ میں پیش آنے والے افسوسناک واقعہ میں خاتون بجلی کا کرنٹ لگنے سے جاں بحق، متوفیہ کے بیٹے نوید احمد عرف بڈو شیخ نے پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ حالیہ بارشوں کے دوران ان کی والدہ موراں بی بی گھر کے قریب دودھ لینے کیلئے گئی جہاں بجلی کی غیر محفوظ لٹکتی تاروں سے اچانک کرنٹ لگنے کے باعث وہ موقع پر جاں بحق ہو گئی انہوں نے کہا کہ واقعہ انتہائی دردناک ہے نوید احمد نے بتایا کہ وہ ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتا گھر میں چھوٹے چھوٹے بچے ہیں جبکہ والدہ کی وفات کے بعد گھریلو حالات مزید مشکل ہوگئے

وزیراعلیٰ کے موثر اقدامات، اقلیتی نوجوانوں کیلئے تربیتی پروگرام مکمل

پروگرام کا مقصد اقلیتی نوجوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنا ہے، محکمہ امور نوجوانان

کوئٹہ (اے پی پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد خان بگٹی کے نوجوانوں کیلئے خصوصی اقدامات کے تحت اقلیتی برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کیلئے چھ روزہ تربیتی پروگرام کامیابی سے مکمل ہوگیا۔ یہ پروگرام مشیر وزیراعلیٰ برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید بلوچ کی سرپرستی میں محکمہ امور نوجوانان حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام منعقد کیا گیا۔ ترجمان محکمہ امور نوجوانان نے اے پی پی کو بتایا کہ تربیتی سیشنز کا انعقاد بلوچستان یوتھ ریسورس سینٹر......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت کی سیلز ٹیکس نادہندگان کیخلاف کارروائیاں جاری

گرین ہوٹل پرنس روڈ، گلشن کراہی طوغی روڈ اور مون ریسٹورنٹ میلینیم مال سیل

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات پر سیلز ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں بلوچستان ریونیو اتھارٹی نے گرین ہوٹل پرنس روڈ، گلشن کراہی طوغی روڈ اور مون ریسٹورنٹ میلینیم مال کو ٹیکس قوانین کی خلاف ورزی پر سیل کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق صوبے میں ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لئے کارروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں تاکہ محصولات میں اضافہ اور کاروباری سرگرمیوں میں شفافیت لائی جاسکے۔

بلوچستان حکومت بہتر روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے کوشاں ہے، بخت کاکڑ

ماضی کی حکومتوں نے صوبے کی ترقی و خوشحالی پر کوئی توجہ نہیں دی جس کے باعث مسائل میں اضافہ ہوا، صوبائی وزیر صحت

پیپلز پارٹی جمہوری بقاء کی علامت ہمیشہ عام عوام کے حقوق کی بات کی ہے ہم اپنے حلف کے پابند ہیں، وفد سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں صحت، پینے کی صاف پانی کے ساتھ ساتھ ترقیاتی کاموں پر صوبائی حکومت کی توجہ مرکوز ہے بلوچستان کے عوام چاہتے کہ صوبہ ایک ہی دن میں ترقی کی راہ پر گامزن ہو یہ ناممکن ہے بلوچستان کے سابقہ ادوار میں جتنی بھی حکومتیں تھیں انہوں نے صوبے کی ترقی پر توجہ نہیں دی ہے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا حکومت......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور زی پیک روڈ سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پنجگور کے علاقے سی پیک روڈ کے قریب سے ایک نامعلوم شخص کی نعش برآمد ہوئی نعش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز پنجگور میں سی پیک روڈ پر واقع گھور فیکٹری کے قریب سے ایک نامعلوم شخص کی نعش ملی مقتول کے جسم پر گولیوں کے نشان ہیں نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد شناخت کیلئے مردہ خانے میں رکھ دی گئی ذرائع کے مطابق رواں ماہ پنجگور میں ایک درجن سے زائد افراد کی نعشیں ملی ہیں جن میں سے بیشتر کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا ہے مزید کارروائی پنجگور پولیس کررہی ہے۔

کیوڈی اے ریلوے پھاٹکس پر تعینات گیٹ کیپرز تنخواہوں سے محروم

ملازمین کے گھروں میں فاقے، پریم یونین کا کیوڈی اے سے فوری ادائیگی کا مطالبہ

گزشتہ اکیس مہینوں سے ادائیگی نہیں ہوئی، احتجاج پر مجبور نہ کیا جائے، ارشد یوسفزئی

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر میں کیوڈی اے کے قائم کردہ ریلوے پھاٹکس پر تعینات گیٹ کیپرز کو گزشتہ اکیس مہینوں سے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کا انکشاف، ملازمین کے گھروں میں فاقے پڑنے لگے، ریلوے پریم یونین نے کیوڈی اے حکام سے فوری ادائیگی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈی ایل اے ملازمین گزشتہ ڈیڑھ سال سے چیخ رہے ہیں کوئی شنوائی نہیں ہورہی، ادائیگی کی جائے بصورت دیگر احتجاج پر مجبور ہوں گے۔ واضح رہے کہ کوئٹہ شہر میں......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ فائرنگ کے تبادلے کے بعد موٹرسائیکل سنیچرز زخمی حالت میں گرفتار

ملزمان زبیر احمد اور موسیٰ سے اسلحہ بھی برآمد، فائرنگ سے ایک راہگیر بھی زخمی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اور موٹر سائیکل سنیچرز کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں 2 ملزمان اور ایک راہگیر زخمی ہوگیا ملزمان کے قبضے سے اسلحہ برآمد کرلیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس کا عملہ منی مارکیٹ کے علاقے میں معمول کی گشت پر تھا دو نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کو رکنے کا اشارہ کیا تو انہوں نے پولیس پر فائرنگ کردی پولیس نے ملزمان کا تعاقب کرتے ہوئے جوابی کارروائی جس میں 2 ملزمان زبیر احمد اور موسیٰ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ایکسائز کی ایئرپورٹ روڈ پر کارروائی، 11 کلو چرس برآمد

طور ناصر پھاٹک کے قریب گاڑی روک کر اس کی تلاشی لی گئی، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایکسائز نارکوٹکس کنٹرول کوئٹہ کے عملے نے ایئرپورٹ روڈ پر کارروائی کرتے ہوئے لاکھوں روپے مالیت کی 11 کلو چرس برآمد کرکے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ڈائریکٹر جنرل ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اینٹی نارکوٹکس کنٹرول کوئٹہ محمد ایوب ہزارہ کی خصوصی ہدایت پر آفیسر عبدالخالق نوتیزئی کی نگرانی میں انسپکٹر منور احمد اور دیگر عملے نے ایئرپورٹ روڈ پر طور ناصر پھاٹک کے قریب ایک گاڑی کو روک کر اس کی تلاشی لی خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 11 کلو......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

سبی روڈ حادثہ میں نوجوان جاں بحق، 1 شدید زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) سبی کے قریب روڈ حادثہ ایک نوجوان جاں بحق ایک شدید زخمی، پولیس کے مطابق سبی کے قریب لونی روڈ پر ٹریفک حادثہ ایک نوجوان سید اسماعیل شاہ موقع پر ہی ہلاک جبکہ ایک نوجوان سید دیدار حسین شاہ شدید زخمی ہوگیا۔

قومی اسمبلی قائمہ کمیٹی کا ہاکی ٹیم کے مسائل پر سخت نوٹس

قومی ہاکی ٹیم کیساتھ جو کچھ ہوا وہ بدقسمتی ہے، مہرین رزاق بھٹو

بائیو میکینیکل لیب منصوبہ 2014 میں شروع ہوا لیکن ابھی تک مکمل نہیں ہوسکا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے بین الصوبائی رابطہ کی ذیلی کمیٹی نے قومی ہاکی ٹیم کے مسائل پر سخت نوٹس لیتے ہوئے تفصیلی بریفنگ لینے کا اعلان کردیا۔ مہرین رزاق بھٹو نے کہا کہ قومی ٹیم کیساتھ جو کچھ ہوا وہ بدقسمتی ہے، کمیٹی جائزہ لے گی کہ اس نااہلی کے اصل قصوروار کون ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں مہرین رزاق بھٹو کی کنوینر شپ میں ہونیوالے اجلاس میں پاکستان ہاکی فیڈریشن کے عبوری صدر محی الدین وانی، ڈی جی پاکستان سپورٹس......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، مغربی بائی پاس پر نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

مقتول کی شناخت سہیل احمد سکنہ پنجگور کے نام سے ہوئی، لاش ورثاء کے حوالے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے تھانہ خالق شہید کے ایریا مغربی بائی پاس پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو قتل کردیا پولیس کے مطابق گزشتہ شب مغربی بائی پاس نامعلوم مسلح افراد نے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت سہیل احمد سکنہ پنجگور کے نام سے ہوئی ہے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی پولیس کررہی ہے۔

مادری زبان اقوام کی اصل شناخت ہے، نیشنل پارٹی

زبان محض ابلاغ کا ذریعہ نہیں یہ اجتماعی فکر، ثقافتی روایات کی بنیاد ہے، علی احمد لانگو

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو نے مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر جاری بیان میں کہا ہے کہ مادری زبان کسی بھی قوم کی اصل شناخت، تاریخی شعور اور تہذیبی تسلسل کی ضامن ہوتی ہے۔ زبان محض ابلاغ کا ذریعہ نہیں بلکہ یہ اجتماعی فکر، ثقافتی روایات اور سماجی اقدار کی بنیاد ہے جب زبانوں کو پس پشت ڈالا جاتا ہے تو درحقیقت قوموں کی پہچان اور وجود کو کمزور کیا جاتا ہے، اور تاریخ گواہ ہے کہ ایسی پالیسیوں کے......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

قائمہ کمیٹی زراعت کا اجلاس ہدایت الرحمان بلوچ کی صدارت میں منعقد

اجلاس میں بلوچستان میں زرعی پیداواری منڈیوں سے متعلق بل 2025 پر تفصیلی غور

کوئٹہ (آن لائن) قائمہ کمیٹی برائے زراعت کا اجلاس چیئرمین کمیٹی ہدایت الرحمان بلوچ کی زیر صدارت بلوچستان صوبائی اسمبلی کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی اراکین زابد علی ریکی، عبدالمجید بادینی اور سید ظفر علی آغا کے علاوہ سیکرٹری اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمان اور محکمہ زراعت، محکمہ قانون کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس کے دوران بلوچستان میں زرعی پیداواری منڈیوں سے متعلق بل 2025، پر تفصیلی غور کیا گیا۔ متعلقہ بل کا مقصد صوبے میں زرعی پیداوار کی مارکیٹنگ کے نظام کو بہتر......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

پنجگور سے 2 افراد اغواء

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پنجگور کے علاقے سے نامعلوم مسلح افراد 2 افراد کو ساتھ لے گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب نماز تراویح کے دوران نامعلوم مسلح افراد 2 افراد وہاب چتکان سے جبکہ عبدالعلیم کو خدابادان سے اسلحہ کے زور پر لے گئے مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

قومی زبانوں کی ترقی سے انکار کی پالیسیوں نے مسائل پیدا کئے، پشتونخوا میپ

مادری و قومی زبانوں کی تاریخ ہزاروں سال پر محیط، ماہرین اور خصوصاً پشتون دانشور مادری زبانوں کیلئے آواز بلند کریں

مادری زبانوں کے عالمی دن کی مناسبت سے ملک و بیرون ملک اجتماعات، سیمینار، تقاریب کا انعقاد کیا جائیگا، مرکزی بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ مادری زبانوں کے عالمی دن 21 فروری کو پارٹی کے زیر اہتمام ملک و بیرون ملک، پشتونخوا وطن کے تمام اضلاع میں اجتماعات، سیمینار، تقاریب کا انعقاد کیا جائیگا اور مرکزی تقریب پریس کلب کوئٹہ میں دوپہر 2 بجے منعقد ہوگی۔ جس میں پارٹی کے مرکزی وصوبائی قائدین، پشتو ڈیپارٹمنٹ، پشتو اکیڈمی، کے اساتذہ، پروفیسرز، ادیب، شعراء سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کرینگے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ملک میں قوموں کے دیگر حقوق سے انکار کی طرح قومی زبانوں، قومی ثقافتوں تہذیب وتمدن کی ترقی اور فروغ سے انکار کی پالیسیوں نے ملک کو سنگین دشواریوں سے دوچار کیا ہے۔ جبکہ قوموں کی زبانوں اور تاریخ ہزاروں سال پر محیط ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ قومی زبانوں......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

رمضان میں گیس کی عدم فراہمی کے باعث پریشانی کا سامنا ہے، قاری مہر اللہ

گیس حکام نے گیس کی بلاتعطل فراہمی کے دعوؤں کو خاک میں ملا دیا، رہنما جمعیت ن

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی مولانا خدائے نظر مولانا رحمت اللہ حقانی حاجی نادر خان اچکزئی مولانا صالح محمد نے کہا کہ رمضان المبارک میں دس بجے لوڈ شیڈنگ ظلم کی انتہا ہے، گیس نہ ہونے کے باعث امور خانہ داری میں شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ گیس حکام نے رمضان میں گیس کی بلاتعطل فراہمی کے دعوؤں کو خاک میں ملا دیا لوڈ شیڈنگ اور گیس پریشر میں کمی سے رمضان المبارک کی اہم ساعتوں میں عوام کی بددعائیں......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

درپیش سنگین مسائل فوری حل کیئے جائیں، شمس شاہوانی

بھاری ٹیکسز، جرمانوں اور سیکیورٹی خدشات سے کاروبار تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا، چیئرمین ایسوسی ایشن

کوئٹہ (یو این اے) آل پاکستان آئل ٹینکرز ایسوسی ایشن کے مرکزی چیئرمین میر شمس شاہوانی نے کہا ہے کہ ملک بھر میں آئل ٹینکرز مالکان کو درپیش مسائل و مشکلات میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے، جس کے باعث کاروبار شدید بحران کا شکار ہوچکا ہے انہوں نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی ترسیل جیسے حساس اور اہم شعبے سے وابستہ افراد کو مسلسل نظرانداز کیا جارہا ہے، جو نہ صرف ٹرانسپورٹرز بلکہ ملکی معیشت کیلئے بھی نقصان دہ ہے میر شمس شاہوانی نے کہا کہ بھاری ٹیکسز، مختلف محکموں کی جانب سے بے جا جرمانوں، چیک پوسٹوں پر غیر......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

غیر قانونی واٹر کورسز و پانی چوری کیخلاف کارروائی کی جائے، صادق عمرانی

حکومت زراعت کے فروغ اور کسانوں کی خوشحالی کیلئے اریگیشن کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کررہی ہے، صوبائی وزیر

حکومتی اصلاحات کا مقصد کرپشن کا خاتمہ اور کسانوں کو بروقت پانی کی فراہمی ہے، اجلاس سے خطاب و وفود سے گفتگو

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے محکمہ اریگیشن کے اعلی افسران کے ساتھ ایک اہم اجلاس کی صدارت کی، جس میں جاری ترقیاتی منصوبوں، اصلاحاتی اقدامات، پانی کی منصفانہ تقسیم، اور عوامی شکایات کے ازالے پر تفصیلی غور کیا گیا اجلاس میں سیکرٹری اریگیشن سہیل الرحمان بلوچ سمیت چیف انجینئرز، سپرنٹنڈنگ انجینئرز، ایگزیکٹو انجینئر پٹ فیڈر کینال میر فرید چندرانی اور دیگر متعلقہ افسران شریک ہوئے صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ہدایت کی کہ جاری ترقیاتی......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کینال اری گیشن سسٹم آپریشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

سوراب، ماراپ سے دو افراد کی نعشیں برآمد

سوراب (نامہ نگار) سوراب، ماراپ سے دو افراد کی نعشیں برآمد، تفصیلات کے مطابق ضلع شہید سکندر آباد سوراب کے نواحی علاقے ماراپ سے دو افراد کی نعشیں برآمد ہوئیں، جنہیں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے قتل کیا اطلاعات کے مطابق جاں بحق ہونے والوں کی شناخت تیمور ولد امام بخش، قوم بدوزئی، سکنہ ماراپ سوراب اور غلام مرتضیٰ ولد یحییٰ خان، قوم بدوزئی، سکنہ ماراپ سوراب کے نام سے ہوئی ہے۔

بلوچستان اقوام، ثقافتوں اور زبانوں کا حسین امتزاج ہے، سلیم کھوسہ

مختلف اقوام کا باہمی احترام ایک دوسرے کی زبانوں کو سراہنا ہی حقیقی یکجہتی ہے، رہنما مسلم لیگ (ن)

ایسے اقدامات کی حمایت کرتے ہیں جو لسانی ہم آہنگی اور بین الثقافتی مکالمے کو فروغ دیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (اے پی پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے بلوچستان اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ بلوچستان مختلف اقوام، ثقافتوں اور زبانوں کا حسین امتزاج ہے، جو ایک خوبصورت گلدستے کی مانند ہے اس گلدستے کی ہر زبان ایک منفرد خوشبو اور رنگ رکھتی ہے، جو مجموعی طور پر صوبے کی شناخت کو مضبوط بناتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر اے پی پی سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ بلوچی، پشتو، براہوی، سرائیکی، سندھی، پنجابی، ہزارگی اور دیگر زبانیں بلوچستان کی ساجھی ہم آہنگی اور روایتی دانش کی علامت ہیں مادری زبان نہ صرف اظہار......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے متعدد ایس پیز کے تبادلے

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے متعدد اضلاع کے ایس پیز کے تبادلے کردیئے گئے۔ جمعہ کو آئی جی پولیس بلوچستان کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق ملک محمد اصغر عثمان کو ایس پی سیکورٹی سی پی او کوئٹہ، ڈاکٹر فہد احمد کو ایس ایس پی اورالائی، نجیب اللہ چندرانی کو ایس ایس پی اسپیشل، سید فاضل شاہ بخاری کو اے آئی جی پی، آئی ٹی سی پی او، کوئٹہ، محمد بلوچ کو ایس پی حب، شکیل احمد کو زونل کمانڈر بی سی زون III، محمد بیدار بخت کو ایس پی آپریشنز قائد آباد ڈویژن کوئٹہ، عثمان عزیز میر کو ایس پی آپریشنز صدر......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت نے انڈس دریاؤں سے سونا نکالنے پر پابندی لگادی

پابندی 60 روز کے لیے صوابی، نوشہرہ، کوہاٹ سمیت ملحقہ علاقوں میں نافذ کی گئی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا حکومت نے صوبے کے مختلف اضلاع میں انڈس ریور اور دریائے کابل کے کناروں پر غیر قانونی کان کنی اور پلیسر گولڈ نکالنے پر دفعہ 144 کے تحت پابندی عائد کردی۔ محکمہ داخلہ و قبائلی امور کی جانب سے جاری کیے گئے سرکاری حکم نامے کے مطابق یہ پابندی 60 روز کے لیے ضلع صوابی، نوشہرہ، کوہاٹ اور کرک سمیت ملحقہ علاقوں میں نافذ کی گئی ہے۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ اکرام اللہ خان کی جانب سے جاری حکم نامے میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ متعلقہ محکموں کی رپورٹس اور صوبائی کابینہ کے 37 ویں اجلاس......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

غیر ملکی ایئرلائن کی پرواز منسوخ، 350 عمرہ زائرین 3 دن سے مشکلات کا شکار

لاہور (بیورو رپورٹ) غیر ملکی ایئر لائن کی پرواز منسوخ ہونے کے سبب 350 عمرہ زائرین 3 دن سے لاہور میں مشکلات کا شکار ہیں۔ عمرہ زائرین نے بدھ کو لاہور ایئرپورٹ سے غیر ملکی ایئر لائن کے ذریعے جدہ جانا تھا۔ غیر ملکی ایئر لائن کے خلاف مسافروں اور عمرہ زائرین نے ہوٹل میں احتجاج کیا۔

کوئٹہ: ڈی سی آفس کے سامنے راشن لینے کیلئے شہری کھڑے ہیں

پراپرٹی اونرشپ قانون کیخلاف درخواستوں پر سماعت کیلئے فل بنچ تشکیل

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے پراپرٹی اونرشپ قانون کیخلاف درخواستوں پر سماعت کیلئے فل بنچ تشکیل دے دیا۔ تین رکنی فل بنچ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم کی سربراہی میں 23 فروری سے پراپرٹی اونرشپ قانون کیخلاف درخواستوں پر سماعت کرے گا۔ تین رکنی فل بنچ میں جسٹس جواد ظفر اور جسٹس عبہر گل خان بھی شامل ہیں۔

گرانفروشوں کیخلاف ضلعی انتظامیہ متحرک، 125 دکاندار گرفتار

گرفتار افراد کو قانونی کارروائی کے بعد جیل منتقل کر دیا گیا، 37 قصابوں سمیت دیگر دکانیں بھی سیل کر دی گئیں

سرکاری نرخنامہ کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیساتھ رعایت نہیں ہوگی، کارروائیاں بلاتعطل جاری رہینگی، ڈی سی

کوئٹہ (خ ن) ماہ رمضان المبارک کے دوران عوام کو ریلیف فراہم کرنے اور گرانفروشی کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ کوئٹہ متحرک ہے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کے احکامات پر شہر بھر میں قصابوں اور دیگر دکانداروں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کیا گیا۔ ان کارروائیوں کے دوران مجموعی طور پر 125 دکاندار گرفتار کیے گئے، جن میں اکثریت قصابوں کی تھی جو سرکاری نرخوں سے زائد گوشت فروخت کر رہے تھے۔ تمام گرفتار افراد کو قانونی کارروائی کے بعد جیل منتقل کر دیا گیا، جبکہ 37 قصابوں کی دکانیں سیل کر دی گئیں۔ یہ کارروائیاں......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: رمضان سستا بازار میں شہری خریداری میں مصروف ہیں

رمضان المبارک، اڈیالہ جیل میں سحر و افطار کیلئے خصوصی مینو

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) رمضان المبارک کی آمد کے موقع پر اڈیالہ جیل میں بھی پنجاب کی دیگر جیلوں کی طرح سحر و افطار کیلئے خصوصی انتظامات کو حتمی شکل دے دی گئی۔ ذرائع کے مطابق سحری کے وقت قیدیوں کو متوازن اور معیاری خوراک فراہم کی جائے گی تاکہ وہ دن بھر کے روزے کے دوران توانائی برقرار رکھ سکیں۔

مادری زبان کو ابتدائی و ثانوی سطح پر نصاب کا حصہ بنایا جائے، پشتونخوا نیپ

21 فروری دنیا بھر میں مادری زبانوں کی یاد، احترام اور بقا کی جدوجہد کی علامت کے طور پر منایا جاتا ہے

پارٹی کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں سیمینارز، مکالمے، ادبی نشستیں اور عوامی اجتماعات منعقد کرے گی، بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ 21 فروری کو مادری زبانوں کے عالمی دن کے موقع پر پارٹی کے زیر اہتمام صوبہ بھر کے تمام اضلاع میں تقاریب، سیمینارز، مکالمے، ادبی نشستیں اور عوامی اجتماعات منعقد کیے جائیں گے۔ ان پروگراموں کا بنیادی مقصد مادری زبانوں کے تحفظ، ترویج اور عملی نفاذ کے لیے اجتماعی شعور بیدار کرنا، لسانی حقوق کے حوالے سے واضح اور دوٹوک موقف پیش کرنا اور عوام میں اپنی زبانوں سے وابستگی کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ 21 فروری دنیا بھر میں ان زبانوں کی یاد، احترام اور بقا کی جدوجہد کی علامت کے طور پر منایا جاتا ہے جو اپنی شناخت اور وجود کے تحفظ کے لیے......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزراء سلیم احمد کھوسہ، صادق عمرانی، حاجی محمد خان لہڑی، نوابزادہ زرین خان مگسی، لیاقت لہڑی و دیگر اسمبلی اجلاس میں بات چیت کررہے ہیں

نرسنگ کونسل سمیت تمام امور قانون کے تحت نمٹائیں گے، مصطفیٰ کمال

درست بات سننے اور اصلاح کرنے کا عمل جاری رہے گا، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ نرسنگ کونسل سمیت تمام امور قانون اور طے شدہ طریقہ کار کے تحت نمٹائے جائیں گے، بڑے فیصلے کرنے والوں کو تنقید کا سامنا کرنا پڑتا ہے، لیکن اصلاحات کے عمل کو جاری رکھا جائے گا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر صحت نے کہا کہ کراچی کے ایک ہسپتال میں غلط سرنج لگائے جانے کے باعث 84 ایڈز کیسز رپورٹ ہوئے، جس پر فوری کارروائی کرتے......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

او جی ڈی سی کی خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں تیل و گیس کی نئی دریافت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) او جی ڈی سی نے صوبہ خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں واقع تھپا بلاک سے تیل و گیس کی نئی دریافت کا اعلان کیا ہے، جو ملکی توانائی کی ضروریات کو پورا کرنے اور ہائیڈروکاربن ذخائر میں اضافہ کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ براگزئی ایکس-1 کنویں کی کھدائی 30 دسمبر 2024 کو شروع کی گئی تھی اور اس کنویں سے یومیہ 225 بیرل تیل اور 10 لاکھ مکعب فٹ گیس کی پیداوار حاصل ہورہی ہے۔

کوئلے سے یوریا بنانے کا منصوبہ گیم چینجر ثابت ہوگا، مراد علی شاہ

کوئلے سے یوریا تیار کرنے سے یوریا کی قیمت کم ہوگی، اجلاس سے خطاب

کراچی (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ کوئلے سے یوریا بنانے کا منصوبہ تھر اور پاکستان کے لیے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ کوئلے سے یوریا کھاد تیاری کے منصوبے سے متعلق فوجی فرٹیلائزر کمپنی (ایف ایف سی) اور سندھ حکومت کے درمیان اہم بیٹھک ہوئی۔ ملاقات میں ایف ایف سی کے سی ای او جہانگیر پراچہ سمیت سینئر حکام شریک تھے۔ اجلاس سے خطاب میں مراد علی شاہ نے کہا کہ کوئلے سے یوریا تیار کرنے سے یوریا کی قیمت کم ہوگی......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد پولیس کی کارروائی، قتل کی واردات میں ملوث مقتول کا سوتیلا بھائی گرفتار

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس کی شاندار کارکردگی اندھا قتل ٹریس، اصل حقائق منظر عام پر، ملزم گرفتار ملزم سوتیلا بھائی نکلا اوستہ محمد پولیس کی کامیاب کارروائی پر عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی تفصیلات کے مطابق 7 فروری کو بستی اوستہ محمد کی حدود میں خمیر علی جتک کو اس کے گھر کے اندر بے دردی سے قتل کیا گیا تھا۔ واقعہ کے بعد نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا اس اندھے قتل کو سوشل میڈیا پر غلط رنگ دیتے ہوئے اسے چوری کا واقعہ قرار دیا جارہا تھا

کوہستان مالیاتی اسکینڈل، نجی کمپنی کا مالک 8 روزہ ریمانڈ پر نیب کے حوالے

پانچ بینک اکاؤنٹس میں 5 ارب 27 کروڑ 70 لاکھ روپے کی ٹرانزیکشن، نیب

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور میں اپر کوہستان مالیاتی اسکینڈل سے متعلق گرفتار نجی تعمیراتی کمپنی کے مالک کو احتساب عدالت نے مزید آٹھ روزہ جسمانی ریمانڈ پر قومی احتساب بیورو (نیب) کے حوالے کردیا۔ احتساب عدالت کے جج محمد ظفر خان نے کیس کی سماعت کے دوران یہ فیصلہ سنایا۔ ملزم فاضل خان کو سخت سیکورٹی میں عدالت میں پیش کیا گیا۔ اس موقع پر نیب کے اسپیشل پراسیکیوٹر نعیم اور تفتیشی افسر بھی عدالت میں موجود تھے۔ نیب پراسیکیوٹر نے......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

صدر ٹرمپ کو امن کا علمبردار کہنا غلامی کے سوا کچھ نہیں، جمعیت نظریاتی

حکمرانوں کی اس روش سے مظلوم مسلمانوں کی دل آزاری ہوئی ہے، مولانا عبدالقادر لونی، ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مفتی شفیع الدین

امریکہ نے فلسطین، افغانستان، عراق اور لیبیا کو راکھ کے ڈھیر میں تبدیل کردیا، قاضی گل الرحمان تکیال، مولانا ثناء اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی سرپرست اعلی مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان تکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ترجمان سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مولانا محمد قاسم مخلص مولانا قمرالدین کلاچی پیر وحید اللہ باچکزی مولانا عبدالوہاب......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر